E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ شمال ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | منگل 18 شوال المکرم 1447ھ 07 اپریل 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 38

انرجی ایمرجنسی نافذ، کاروباری مراکز رات 8 بجے تک بند کرنا لازم

پھلڑہ (نمائندہ شمال) خیبر پختونخوا میں انرجی ایمرجنسی نافذ کاروباری و سماجی سرگرمیوں کے نئے اوقات مقرر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

سرائے نعمت خان (ڈاکٹر ساجد اعوان سے) خیبر پختونخوا میں سمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کرنے کا فیصلہ صوبے بھر میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

ہرپور پاندک پتنگ کے پیچھے بھاگتے ہوئے 10 سالہ بچہ جاں بحق

متوفی محمد حامد ولد محمد نوازش کٹی پتنگ کے پیچھے بھاگ رہا تھا کہ اچانک بجلی کی مین لائن سے ٹکرا گیا اہل خانہ پر قیامت ٹوٹ پڑی، علاقہ کی فضا سوگوار ہو کر رہ گئی، پتنگ فروشوں اور تیز دھار ڈور فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

سرائے نعمت خان (اسپیشل رپورٹر) پاندک میں 10 سالہ بچہ پتنگ کے پیچھے بھاگتے ہوئے کرنٹ لگنے سے جاں بحق اس خونی کھیل پر پابندی متوفی محمد حامد ولد محمد نوازش کٹی پتنگ کے پیچھے بھاگ رہا تھا کہ اچانک بجلی کی مین لائن سے ٹکرا گیا اہل خانہ پر قیامت ٹوٹ پڑی علاقہ کی فضا سوگوار گزشتہ روز پاندک میں 10 سالہ محمد حامد ولد محمد نوازش بچہ پتنگ کے پیچھے بھاگتے ہوئے کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا محمد حامد کٹی پتنگ کے پیچھے دیوار پر چڑھتے ہوئے 11 ہزار وولٹ تاروں سے ٹکرا گیا جسکے نتیجے میں کرنٹ کے زوردار جھٹکے سے حامد موت کی آغوش میں چلا گیا مختلف سیاسی وسماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ کمشنر ہزارہ اور ارباب و اختیار سے مطالبہ کرتے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

کمشنر ہزارہ ڈویژن فیاض علی شاہ ٹرانسپورٹرز کے کرایہ نامہ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوٹ نجیب اللہ انٹرچینج کے قریب ٹریفک حادثہ خاتون سمیت 5 افراد زخمی

حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، ریسکیو 1122 ہری پور کی میڈیکل ٹیم نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ٹراما سینٹر منتقل ہو گیا

ہری پور (بیورو رپورٹ) ہطار میں کوٹ نجیب اللہ انٹرچینج کے قریب سوزوکی تیز رفتاری کے باعث موڑ کاٹتے ہوئے الٹ گئی۔ حادثے کے نتیجے میں 40 سالہ زاہد اختر، 34 سالہ حماد، 58 سالہ ریاض اور 68 سالہ مسماۃ (س) جان، اور 5 3 سالہ زاہدہ زخمی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

فارم 47 کی حکومت عوام کے فائدے کے لیے نہیں آئی

حکومت کو عوامی مسائل اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں، عمر ایوب خان

ہری پور (بیورو رپورٹ) سابق اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان نے موجودہ حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ "فارم 47 کی حکومت عوام کے فائدے کے لیے نہیں آئی بلکہ ان کا مقصد صرف اپنی جیبیں بھرنا ہے۔" انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ حکومت کو عوامی مسائل اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں، مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

لاری اڈہ سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد، ماتا سپرد خاک

پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش کو شناخت کے لیے کنگ عبداللہ ہسپتال منتقل کیا جہاں پورا دن گزرنے کے باوجود متوفی کی شناخت نہ ہو سکی اور نہ ہی کسی ورثا نے رابطہ کیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) نامعلوم شخص کی مسخ شدہ حالت میں نعش برآمد، نماز جنازہ کے بعد نامعلوم شخص کی شناخت نہ ہونے پر امانتاً تدفین کر دی گی پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز رات تقریباً 9 بجے مانسہرہ کے علاقے لاری اڈہ گل پلازہ سے ایک نامعلوم شخص کی لاش کی اطلاع موصول ہوئی جس پر پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش کو شناخت کے لیے کنگ عبداللہ ہسپتال منتقل کیا جہاں پورا دن گزرنے کے باوجود (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

منشیات سے پاک ہری پور کے تحت پولیس کی کارروائیاں جاری

منشیات فروشی میں ملوث ملزم ارشد سکنہ نئی آبادی کانگڑہ کالونی گرفتار کر لیا گیا

ہری پور (اسپیشل رپورٹ) ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کے وژن "منشیات سے پاک ہری پور" کے تحت پولیس کی کارروائیاں بدستور جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ کوٹ نجیب اللہ عمران نواز نے پولیس نفری کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی میں ملوث ملزم ارشد ولد خلیل الرحمان سکنہ نئی آبادی کانگڑہ کالونی سیکٹر نمبر 1 کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے 2 کلو 196 گرام چرس اور 9 5 گرام آئس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

بڑھی مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات میں اضافہ پر وکلاء برادری مذمت کرتی ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) بڑھتی ہوئی ظالمانہ مہنگائی کرپشن اور حالیہ پٹرولیم اضافہ پر وکلاء برادری بھرپور احتجاج کرتے ہوئے غریب عوام کا بھرپور ساتھ دے گی سابق صدر بار کونسل ایبٹ آباد حاجی صابر حسین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

اے سی بفہ پکھل کی بفہ دوراہا میں عارضی تجاوزات کے خلاف کارروائی

عارضی تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 5 کنال 9 مرلہ سرکاری اراضی واگزار کروالی

ڈھوڈیال (کرائمز رپورٹر) صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر بفہ پکھل نے ٹی ایم اے بفہ کے عملے کے ہمراہ بفہ دوراہا میں عارضی تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 5 کنال 9 مرلہ سرکاری اراضی واگزار کروالی۔ دورے کے دوران کریانہ اسٹورز، تندور، کباب شاپس، بیکریوں، گوشت اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

شیخ محمد شفیع نے جنرل بس سٹینڈ مانسہرہ کا دورہ کیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) چیئرمین ضلع لوکل گورنمنٹ مانسہرہ شیخ محمد شفیع نے جنرل بس سٹینڈ مانسہرہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اڈہ مینجمنٹ کے انتظامات کا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

امتحانی مراکز کے اطراف فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائیں

طلبہ اپنے والدین کا قیمتی اثاثہ اور ملک کا روشن مستقبل ہیں، ڈی پی او ہری پور

ہری پور (اسپیشل رپورٹر) ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور نے ضلع بھر میں جاری تعلیمی امتحانات کے پرامن اور شفاف انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے تمام ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز کو خصوصی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ امتحانی مراکز کے اطراف فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائیں تاکہ طلبہ و طالبات کو سازگار اور محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ میٹرک ایک بنیادی تعلیمی مرحلہ ہے اور امتحان دینے والے طلبہ اپنے والدین کا قیمتی اثاثہ اور ملک کا روشن مستقبل ہیں، اس لیے ان کی حفاظت اور سہولت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد کی فوری اجازت دی جائے، عوامی حلقے

وقتی بنیادوں پر 100 روپے تک کے ریلیف جیسے اقدامات ناکافی ہیں، مثبت اقدامات کئے جائیں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے

ہری پور (بیورو رپورٹ) عوامی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اگر واقعی عوامی مشکلات میں کمی لانا مقصود ہے تو الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد پر فوری اجازت دی جائے اور ان کی قیمتوں میں نمایاں ریلیف فراہم کیا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ وقتی بنیادوں پر 100 روپے تک کے ریلیف جیسے اقدامات ناکافی ہیں، جبکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ مستقل اور دیرپا پالیسیاں تشکیل دی جائیں تاکہ مہنگائی کے بوجھ کو کم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ سے نہ صرف ایندھن کے اخراجات میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

مانکیرا سے سوشل میڈیا پر نازیبا و غیر اخلاقی ویڈیو بنانے پر شی میل گرفتار

سوشل میڈیا کا غلط استعمال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ڈی پی او ہری پور

ہری پور (ڈپٹی بیورو) ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کے احکامات پر ایس ایچ او تھانہ سٹی صدیق شاہ نے کارروائی کرتے ہوئے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر غیر اخلاقی اور نازیبا ویڈیوز بنانے والے شی میل محمد عارف عرف روشنی ولد شیر افضل خان سکنہ منکرا کو گرفتار کر لیا۔ ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور نے اس موقع پر واضح کیا کہ سوشل میڈیا کا غلط استعمال کسی صورت برداشت نہیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

مانسہرہ، حکومتی احکامات پر عملدرآمد کے حوالے سے منعقدہ میٹنگ کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عثمان جدون خطاب کر رہے ہیں

دانہ کروڑوں روپے سے نصب کی جانے والی واٹر سپلائی سکیم تباہ

سکیم میں نصب پائپ غائب ہو چکے ہیں جبکہ گھروں میں صرف خشک نلکے رہ گئے ہیں، جس کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) مانسہرہ کے نواحی علاقے دانہ میں کروڑوں روپے کی لاگت سے نصب کی جانے والی ٹیوب ویل واٹر سپلائی سکیم مکمل طور پر تباہ ہو گئی ہے، جبکہ محکمہ پبلک ہیلتھ کی مبینہ غفلت پر شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے تفصیلات کے مطابق، گزشتہ روز دانہ کے سنجیدہ نمائندہ وفد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ تقریباً ڈھائی کروڑ روپے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

نوازش خان ہری پور ٹریفک پولیس کے انچارج مقرر ہو گئے

شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اقدامات شروع کرنے کا عندیہ دیا

ہری پور (سٹی رپورٹر) نوازش خان ہری پور ٹریفک پولیس کے انچارج مقرر ہری پور ضلع ہری پور میں ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کے لیے اہم تقرری عمل میں لائی گئی ہے، جس کے تحت نوازش خان کو ہری پور ٹریفک پولیس کا نیا انچارج تعینات کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نوازش خان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے اور انہوں نے شہر میں ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے، قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے اور شہریوں کو درپیش (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

ٹریفک اہلکاروں اور نوجوانوں میں پیش آنے والے واقعہ پر نوٹس

ایس ایس پی ٹریفک نے ڈی ایس پی ٹریفک مانسہرہ کو انکوائری کا حکم دے دیا

مانسہرہ (چیف رپورٹر + تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) چنار روڈ مانسہرہ پر ٹریفک اہلکاروں اور نوجوانوں کے درمیان پیش آنے والے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی ٹریفک مانسہرہ شہزادی نوشاد گیلانی نے باقاعدہ ڈی ایس پی ٹریفک مانسہرہ ارشد خان کو انکوائری کا حکم دے دیا۔ واقعہ کی مکمل حقیقت جاننے کے لیے موقع پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج حاصل کی جا رہی ہے جبکہ وہاں موجود عینی شاہدین کے بیانات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

کامسیٹس یونیورسٹی ایبٹ آباد کی 25 سالہ تقریبات کے موقع پر ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر ڈائریکٹر پروفیسر شاہد خٹک خطاب کر رہے ہیں

اوگی ٹرانسپورٹرز کی من مانیاں، انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی

اوگی ٹو کنڈرا، اوگی ٹو کھبل نکہ، اوگی ٹو کھبل ممبل کرائے کا نوٹیفکیشن جلد از جلد کیا جائے، ڈرائیور حضرات من مانے کرائے وصول کر رہے ہیں

اوگی (نامہ نگار) اوگی ٹرانسپورٹرز نے من مانے کرایے وصول کرنا شروع کر دیے جب کہ انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے اس سلسلے میں اہالیان کھبل نے اسسٹنٹ کمشنر کو درخواست میں موقف اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اوگی ٹو کنڈرا، اوگی ٹو کھبل نکہ، اوگی ٹو کھبل ممبل کرائے کا نوٹیفکیشن جلد از جلد کیا جائے جیسا کہ حالیہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بڑھنے سے مختلف روٹس کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

جن اقوام نے تعلیمی میدان میں ترقی کی آج وہ دنیا میں آگے ہیں

افتخار خان کا حاجیہ گلی دکھن میں سالانہ تقریب انعامات کی تقریب میں خطاب

حویلیاں (نمائندہ شمال) تعلیم سے قومیں بنتی ہیں جن اقوام نے تعلیمی میدان میں ترقی کی ہے آج وہ پوری دنیا میں ترقی کی دوڑ سے سب آگے نکل رہے ہیں ان خیالات کا اظہار ممبر صوبائی اسمبلی افتخار خان نے نجی تعلیمی ادارے حاجیہ گلی دکھن کے بچوں کے سالانہ تقریب انعامات کی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے کیا تفصیلات کے مطابق برائیٹ فیوچر پبلک سکول حاجیہ دکھن میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا، جس میں چیئرمین ڈیڈک و ایم پی اے افتخار احمد خان جدون نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

مانسہرہ تاجر برادری کی جانب سے انتخابات شیڈول اجراء کا مطالبہ

طویل عرصے سے انتخابی شیڈول جاری نہ ہونے کے باعث تاجر برادری شدید اضطراب اور مختلف مسائل کا شکار ہو چکی ہے

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) مانسہرہ کے 16 وارڈز کی تاجر برادری کی جانب سے انجمن تاجران کے انتخابات کے شیڈول کے اجرا کا مطالبہ شدت اختیار کر گیا ہے۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ طویل عرصے سے انتخابی شیڈول جاری نہ ہونے کے باعث تاجر برادری شدید اضطراب اور مختلف مسائل کا شکار ہو چکی ہے۔ تاجر رہنماں کے مطابق تنظیم اور فعال قیادت نہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم ریونیو میں بہتری کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری سنٹر ایبٹ آباد کا دورہ کر رہے ہیں

ذوالفقار علی بھٹو کی 47 ویں برسی کے موقع پر ایک بڑی تقریب

تقریب میں پارٹی کے نظریاتی کارکنان، جیالوں اور سینئر رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر) ذوالفقار علی بھٹو کی 47 ویں سالگرہ ترنگڑی صابر شاہ بفہ حقنواز خان سواتی بازی لے گئے ضلع مانسہرہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کی 47 ویں برسی کے موقع پر ایک بڑی تقریب ترنگڑی صابر شاہ بفہ میں منعقد کی گی جس کا اہتمام پارٹی کے سینئر رہنما حقنواز خان سواتی نے کیا۔ تقریب میں پارٹی کے نظریاتی کارکنان، جیالوں اور سینئر رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی جبکہ مقامی عوام کی بھی سینکڑوں کی تعداد میں شرکت نے اسے ایک بڑا اجتماع بنا دیا۔ شرکا نے قائد عوام ذوالفقار (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

بجلی کی پیداوار کا انحصار بڑی حد تک ایندھن پر ہے، ضلعی انتظامیہ

بڑھتی قیمتوں کے اثرات کو محدود کرنا اور عوام کو اضافی مالی بوجھ سے بچانا ہے

ہری پور (بیورو رپورٹ) حکومتِ خیبر پختونخوا نے موجودہ علاقائی صورتحال اور ایندھن کی فراہمی پر بڑھتے دباؤ کے پیش نظر صوبہ بھر میں بجلی کے موثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے اہم اقدامات کا اعلان کیا ہے، جن کا اطلاق ہری پور میں بھی کر دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ان اقدامات کا مقصد بجلی کے غیر ضروری استعمال کو کم کرنا، بڑھتی قیمتوں کے اثرات کو محدود کرنا اور عوام کو اضافی مالی بوجھ سے بچانا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ بجلی کی پیداوار کا انحصار بڑی حد تک ایندھن پر ہے، جس کی قیمتوں میں اضافے سے بجلی مہنگی ہو جاتی ہے، اسی لیے توانائی کے محتاط استعمال کو ناگزیر قرار دیا گیا ہے۔ جاری کردہ ہدایات کے مطابق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

ڈاکٹر ریاض احمد کا دوہائی سکولز کے امتحانی ہالز کا دورہ

ہری پور (بیورو رپورٹ) ہری پور ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ڈاکٹر ریاض احمد نے گورنمنٹ ہائی سکول پھرہالہ اور گورنمنٹ سینٹینیل ماڈل ہائی سکول نمبر 1 کے امتحانی ہالز کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے امتحانی عمل، سکیورٹی انتظامات اور مجموعی شفافیت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

فیاض علی شاہ کی زیر صدارت ٹرانسپورٹ کرائیوں سے متعلق اجلاس

ایبٹ آباد، مانسہرہ اور ہری پور کے ٹی ایم اوز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) کمشنر ہزارہ ڈویژن، فیاض علی شاہ کی زیر صدارت ٹرانسپورٹرز کے کرایہ نامے سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکریٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ہزارہ، سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) ٹریفک ایبٹ آباد جبکہ ایبٹ آباد، مانسہرہ اور ہری پور کے ٹی ایم اوز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر ہزارہ نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

ہطار میں ٹریفک حادثہ کا شکار ہونیوالی گاڑی، جبکہ دوسری جانب زخمی کو طبی امداد دی جا رہی ہے

صوبائی حکومت کی ہدایات کے تحت ضلعی انتظامیہ کا اہم اجلاس

اجلاس میں انجمن تاجران ہزارہ کے صدر ملک شکیل اعوان و دیگر ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے شرکت کی

مانسہرہ (شیخ زبیر سے) صوبائی حکومت کی ہدایات کے تحت ضلعی انتظامیہ نے ایک اہم اجلاس منعقد کیا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر عثمان علی جدون نے کی۔ اجلاس میں انجمن تاجران ہزارہ کے صدر ملک شکیل اعوان و دیگر ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے شرکت کی، اجلاس کے دوعان ضلع بھر میں حکومتی احکامات پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ توانائی کے مؤثر استعمال اور عوامی نظم و ضبط کو برقرار رکھنے کے لیے تمام اقدامات پر سختی سے عمل کیا جائے۔ اجلاس میں ضلع کے تمام اسسٹنٹ کمشنرز، تاجر تنظیموں کے نمائندگان، اور بڑے شادی ہالز و ایونٹ ہالز کے صدور اور مالکان نے شرکت کی۔ اس موقع پر خیبر پختونخوا کے چیف سیکرٹری کی جانب سے جاری کردہ احکامات پر مکمل عملدرآمد کا تفصیلی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

عاصم خان ابن اعظم خان نے ورلڈ سکواش چمپئن شپ کے لئے کوالیفائی کر لیا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) مانسہرہ اچھڑیاں ہزارہ ریجن سے تعلق رکھنے والے پاکستان کے نمبرون سکواش کھلاڑی عاصم خان ابن اعظم خان نے ورلڈ سکواش چیمپئن شپ کے لئے کوالیفائی کر لیا انہوں نے یہ اعزاز ہانگ جانب میں منعقدہ ورلڈ سکواش چیمپئن شپ کوالیفائنگ راؤنڈ جیت کر حاصل کیا فائنل میں ایک کانٹے دار مقابلے کے بعد اپنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

شکیاری، صحافی طارق عدیل خاخیل طارق سواتی کی والدہ محترمہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کرتے ہوئے

آج ہماری نسل اپنے اسلاف کی خدمات و قربانیوں کو بھلا بیٹھی ہے، مقررین

حضرت امیر حمزہ عام شہید نہیں بلکہ سید الشہدا ہیں، حضرت امیر حمزہ کے سالانہ عرس کی تقریب سے خطاب

ہری پور (خصوصی رپورٹر) حضور نبی کریم ﷺ نے دین اسلام کی سربلندی کیلئے سب سے پہلے اپنے خاندان کو قربانیوں کیلئے پیش کیا، بدقسمتی سے دین سے دوری کے باعث آج ہماری نوجوان نسل اپنے اسلاف کی خدمات و قربانیوں کو بھلا بیٹھی ہے، حضرت امیر حمزہ عام شہید نہیں بلکہ سید الشہدا ہیں، علما کرام کا فرض ہے کہ وہ منبر و محراب سے ان کی عظمت جرات و بہادری اور آقا کریم سے بے لوث محبت کا تذکرہ کریں ان کی شخصیت کے بہترین پہلوں کو نوجوان نسل کو آگاہ کریں، جو قومیں اپنے اسلاف کی قربانیاں و درس بھول جاتی ہیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

بجلی کے بلوں میں میٹر کرایہ ظالمانہ ٹیکس واپس کیا جائے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) بجلی کے بلوں میں میٹر کرایہ کے نام پر ظالمانہ ٹیکس 600 روپے سے 900 سو روپے تک کا اضافہ واپس کیا جائے اب عوام سڑکوں پر نکلے گی عوامی و سماجی حلقوں نے حکومت کے ظالمانہ فیصلوں پر کہا ہے کہ بجلی کے بلوں میں کرایہ میٹر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

مہنگائی کے خلاف جے یو آئی خاموش نہیں بیٹھے گی، مفتی ناصر محمود

پھلڑہ (نمائندہ شمال) مہنگائی کرپشن کے خلاف جے یو آئی کا مانسہرہ میں مظاہرہ عوام پر ظلم کسی صورت برداشت نہ ہوگا، جے یو آئی ضلع مانسہرہ کے جنرل سیکرٹری مولانا ناصر محمود نے گزشتہ روز احتجاجی مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ پٹرولیم مصنوعات میں اضافہ کسی صورت قبول نہ ہے حکومت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

توانائی بچت، میٹنگ میں ڈی سی مانسہرہ نے ہدایات جاری کر دیں

حکومتی ہدایات پر تمام دوکانیں رات آٹھ بجے بند، فالتو لائٹس بند، میڈیکل سٹورز کھلے رہیں گے

مانسہرہ (چیف رپورٹر) مانسہرہ توانائی بچت میٹنگ، ڈپٹی کمشنر مانسہرہ نے تمام تاجروں، شادی ہال اور دیگر کو ہدایات جاری کر دیں، چیف سیکرٹری کے پی کے شہاب علی شاہ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مانسہرہ عثمان علی جدون نے میٹنگ میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام دکانیں رات آٹھ بجے بند اور فالتو لائٹس ایل ای ڈی لائٹس بند ہوں گی ہسپتال، میڈیکل سٹور کھلے رہیں گے پٹرول سمیت کی تمام فالتو لائٹس بند ہوں گی، خلاف ورزی کرنے والے تاجروں کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی، انجمن تاجران کے صدر ملک شکیل اعوان اور عبدالمالک اعوان، وسیم عرف سیمو مانسہرہ پریس کلب کے طارق عدیل خاخیل، خاور عباسی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ڈپٹی پبلیشر ایڈیٹر ہریپور
عبدالوحید بھٹی

روزنامہ شمال ایبٹ آباد، مظفر آباد، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے
سروے۔۔گیلپ، این آر سی، آئی سی ایل

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

ایبٹ آباد مرکزی دفاتر
پلاٹ نمبر A-6 سال اسٹریٹ اسٹیٹ ایبٹ آباد
فون نمبرز 0992-385577 موبائل نمبر: 0314-5003149
فیکس 0992-385575,385576,385578
Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک مینگورہ سوات
فون نمبرز 0946-711788,711700
فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو
جمیل صادق (ایڈووکیٹ) ایڈووکیٹ ہائیکورٹ
موبائل 0333-5034273

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر بلاز ٹاورز کاٹھے والا موڑ
فورجیمز فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبرز 021-2752266,2752421
فیکس 021-2752422
Email: shamalkarachi@yahoo.com

ہریپور بیورو
محمد جاوید عباسی
ایڈریس ایس ایم ایس مارکیٹ روڈ بالمقابل بلڈ بینک کمیونٹی سینٹر ہریپور
فون نمبر: 0995-612424
فیکس نمبر: 0995-612424

راولپنڈی/اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
ایڈیٹر انچیف
فون نمبر: 0334-5008600
بلگرام۔ شیر خان (ایڈووکیٹ) 0301-8149023
ڈاکٹر علی الزمان (ایڈووکیٹ) 0304-676144,0993-447048

مظفر آباد
عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
فون نمبر 05822-446938
فیکس 05822-446842
Email: shamalmzd2011@gmail.com

موبائل بیورو
سید شہید القدوس شاہ گلگت (ایڈووکیٹ) 0992-810890
مین بازار ہریپور فون
ایڈووکیٹ مظفر انجم
ایڈووکیٹ غلام مصطفیٰ
ایڈووکیٹ شیخ
ایڈووکیٹ

منگل 18 شوال المکرم 1447ھ 07 اپریل 2026ء 2083ب

خیبر پختونخواہ میں احتجاج: کیا واقعی پٹرول سستا کروا سکتے ہیں؟

خیبر پختونخواہ کے مختلف اضلاع میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاج ضرور دیکھنے میں آیا ہے، مگر اصل سوال یہ ہے کہ کیا یہ احتجاج اتنی طاقت رکھتے ہیں کہ حکومت کو قیمتیں کم کرنے پر مجبور کر سکیں؟ زمینی حقائق اس سوال کا جواب بڑی حد تک نہیں میں دیتے ہیں۔

حالیہ دنوں میں ایبٹ آباد، مانسہرہ، مردان، چارسدہ، نوشہرہ، پشاور، دیر اور شانگلہ سمیت کئی اضلاع میں عوامی اور سیاسی جماعتوں کی جانب سے احتجاجی مظاہرے کیے گئے۔ سڑکیں بند کی گئیں، ریلیاں نکالی گئیں اور حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی بھی ہوئی۔ لیکن ان احتجاجوں کا اثر صرف بیانات اور وقتی دباؤ تک محدود رہا، کوئی ایسا واضح ثبوت سامنے نہیں آیا کہ صرف خیبر پختونخواہ کے ان احتجاجوں کی وجہ سے حکومت نے پٹرول کی قیمتیں کم کی ہوں۔

دوسری طرف اگر قومی سطح کو دیکھا جائے تو صورتحال کچھ مختلف نظر آتی ہے۔

حالیہ شدید عوامی ردعمل اور ملک گیر احتجاج کے بعد حکومت کو پٹرول کی قیمت میں نمایاں کمی کرنا پڑی، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ بڑا اور ملک گیر دباؤ اثر انداز ہوتا ہے۔ یعنی جب احتجاج پورے ملک میں شدت اختیار کرے، معیشت پر دباؤ بڑھے اور سیاسی قیمت چکانا مشکل ہو جائے، تب حکومت پسپائی اختیار کرتی ہے۔

یہی وہ بنیادی نکتہ ہے جو خیبر پختونخواہ کے احتجاجوں میں نظر نہیں آتا۔ صوبے کے مختلف شہروں میں ہونے والے مظاہرے منتشر، غیر مربوط اور محدود پیمانے پر ہیں۔ ان میں نہ تو تسلسل ہے، نہ قیادت کا واضح لائحہ عمل، اور نہ ہی ایسا ہمہ گیر دباؤ جو وفاقی پالیسی کو بدلنے پر مجبور کر سکے۔ حقیقت یہ ہے کہ پٹرولیم قیمتوں کا تعین عالمی منڈی، آئی ایم ایف پالیسیوں اور وفاقی فیصلوں سے جڑا ہوتا ہے۔ ایسے میں صرف ایک صوبے کے محدود احتجاج سے پالیسی بدلنا تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے۔

جب تک احتجاج ملک گیر نہ ہو، معیشت اور سیاسی استحکام کو حقیقی خطرہ لاحق نہ ہو، حکومتیں عموماً ایسے دباؤ کو برداشت کر لیتی ہیں۔ لہذا یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ خیبر پختونخواہ میں احتجاج تو ہو رہے ہیں، مگر ابھی تک وہ اس سطح تک نہیں پہنچ سکے جہاں وہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کروا سکیں۔ اگر عوام واقعی ریلیف چاہتے ہیں تو احتجاج کو منظم، متحد اور ملک گیر سطح تک لے جانا ہوگا ورنہ یہ آوازیں وقتی شور بن کر رہ جائیں گی۔

حالات حاضرہ اور بے بس پاکستانی عوام ایک کربناک داستان

پاکستان اس وقت جن حالات سے گزر رہا ہے، وہ کسی بھی باشعور معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہیں۔ مہنگائی کا طوفان، بے روزگاری کا عذاب، بڑھتے ہوئے ٹیکسز، اور بنیادی سہولیات کی کمی نے عام آدمی کی زندگی کو ایک مسلسل جدوجہد میں بدل دیا ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے، مگر ان کی آواز سننے والا کوئی نہیں۔

آج کا پاکستانی شہری صبح آنکھ کھولتے ہی فکرِ معاش میں ڈوب جاتا ہے۔ بجلی کے بل، گیس کی قلت، اشیائے خوردونوش کی بڑھتی قیمتیں یہ سب اس کی زندگی کا حصہ بن چکے ہیں۔ ایک مزدور جو دن بھر محنت کرتا ہے، شام کو جب گھر لوٹتا ہے تو اس کے ہاتھ میں اتنی آمدنی نہیں ہوتی کہ وہ اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی بھی عزت سے فراہم کر سکے۔ یہ کیسی ترقی ہے؟ یہ کیسا نظام ہے جس میں محنت کرنے والا ہی سب سے زیادہ پریشان ہے؟ مہنگائی نے متوسط اور غریب طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔

آٹا، چینی، گھی، دالیں یہ سب اب عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ ایک وقت تھا جب یہ اشیا ہر گھر میں باآسانی دستیاب تھیں، مگر آج یہ ایک خواب بن چکی ہیں۔ مائیں اپنے بچوں کو بہلانے کے لیے جھوٹے وعدے کرتی ہیں، اور باپ اپنی بے بسی چھپانے کے لیے خاموشی اختیار کر لیتا ہے۔

حالات کا سب سے افسوسناک پہلو یہ ہے کہ عوام کا اعتماد اپنے اداروں اور قیادت سے اٹھتا جا رہا ہے۔ ہر نیا وعدہ ایک نئی امید جگاتا ہے، مگر جب وہ وعدہ پورا نہیں ہوتا تو مایوسی اور بھی گہری ہو جاتی ہے۔ عوام خود کو ایک ایسے دائرے میں قید محسوس کر رہے ہیں جہاں نہ آگے بڑھنے کا راستہ ہے اور نہ ہی پیچھے ہٹنے کی گنجائش۔

نوجوان نسل، جو کسی بھی قوم کا مستقبل ہوتی ہے، آج شدید اضطراب کا شکار ہے۔ تعلیم یافتہ نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لیے نوکریوں کی تلاش میں دربدر پھرتے ہیں، مگر انہیں کہیں مواقع نظر نہیں آتے۔ یہی وجہ ہے کہ مایوسی، ذہنی دباؤ، اور بیرون ملک جانے کی خواہش دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ اگر یہی حالات رہے تو ملک کا قیمتی سرمایہ ہم سے چھن جائے گا۔

دیہی علاقوں میں صورتحال اس سے بھی زیادہ خراب ہے۔ وہاں نہ روزگار کے مواقع ہیں، نہ صحت اور تعلیم کی مناسب سہولیات۔ کسان اپنی فصل کی مناسب قیمت نہ ملنے پر پریشان ہے، جبکہ شہری مہنگے داموں وہی چیز خریدنے پر مجبور ہے۔ یہ تضاد اس نظام کی ناکامی کا واضح ثبوت ہے۔

لیکن ان تمام مشکلات کے باوجود پاکستانی عوام کی ایک خوبی بیان کی برداشت اور امید ہے۔ ہر مشکل کے باوجود وہ جینے کی کوشش کرتے ہیں، اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کا خواب دیکھتے ہیں، اور ہر نئے دن کے ساتھ ایک نئی امید باندھ لیتے ہیں۔ یہی وہ جذبہ ہے جو اس قوم کو ابھی تک سنبھالے ہوئے ہے۔

اب وقت آ چکا ہے کہ ارباب اختیار ہوش کے ناخن لیں۔ عوام کی مشکلات کو سنجیدگی سے سمجھا

جائے اور فوری عملی اقدامات کیے جائیں۔ مہنگائی پر قابو پانا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ صرف بیانات اور وعدوں سے مسائل حل نہیں ہوں گے، بلکہ عملی اقدامات ہی عوام کا اعتماد بحال کر سکتے ہیں۔

اگر حکومت وقت نے اس طرف توجہ نہ دی اور بے بس لاچار محنت کش عوام کے جذبات کے ساتھ اسی طرح کھیلتے رہے انکے وعدے بیانات اور اعلانات تک اسی طرح محدود رہے تو لامحالہ عوام کیصبر اور برداشت کا پیمانہ لبریز ہو کر یہ لاوا پھٹ گیا تو پھر کوءی نہیں بچے گا سب اسکی زد میں آ کر بہہ جائیں گے اس لئے خدارا عقل کیناخن لے کے مظلوم عوام پر رحم کریں اس ملک کا اور عوام کا سوچیں انکے منہ سے نوالہ چھیننے کی کوشش نہ کریں ورنہ حالات اس وقت جس طرف جا رہے ہیں وہ پھر کسی کے کنٹرول میں نہیں رہینگے حکمران طبقے کو چاہئے کہ مزدور، غریب، مڈل کلاس لوگوں کی زندگی کا احساس کریں اور جلد ریلیف کے حوالے سے کچھ اقدامات کرے تاکہ حالات انتشار، فساد، اور نفرتوں کی نہ طرف جائیں ورنہ انجام بہت بھیانک ہوگا۔

دوسری طرف قوم کو بھی چاہئے کہ ایسے حالات میں ملک کیساتھ کھڑے ہو اپنی روزمرہ اخراجات میں اعتدال پیدا کریں زندگی میں مختلف حالات آتے رہتے ہیں اسکا مقابلہ جواں مردی اور برداشت سے کرنا چاہیئے حالات ایک جیسے نہیں رہتے ہر مشکل کے بعد آسانی ہوتی ہے ہر پریشانی کے بعد سکون ہوتا ہے اسلئے نا امید نہیں ہونا چاہیئے بلکہ ہمت اور حوصلے کیساتھ اللہ پر بھروسہ کرنا چاہیئے اللہ حالات بدلنے والے ہیں وہ ذات حالات بدل دیتے ہیں بشرطیکہ محنت کے ساتھ ساتھ بھروسہ اللہ پر ہو۔

آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ اگر عوام کو ریلیف نہ دیا گیا تو یہ خاموشی کسی بھی وقت ایک طوفان میں بدل سکتی ہے۔ ایک ذمہ دار ریاست ہونے کے ناطے یہ ضروری ہے کہ عوام کی آواز کو سنا جائے، ان کے مسائل کو حل کیا جائے، اور انہیں ایک باعزت زندگی گزارنے کا حق دیا جائے۔ کیونکہ ایک مضبوط قوم کی بنیاد خوشحال عوام ہی ہوتے ہیں، نہ کہ صرف بلند و بانگ دعوے۔ یہ وقت ہے سوچنے کا، سمجھنے کا، اور عمل کرنے کا ورنہ تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی۔

مصنوعی ذہانت کا غلط استعمال: معزز شخصیات کو بدنام کرنے کی سازش

سوشل میڈیا کے اس برق رفتار دور میں معلومات کی ترسیل نے دنیا کو بلاشبہ ایک عالمی گاں میں تبدیل کر دیا ہے، جہاں ہر خبر چند لمحوں میں سرحدوں کو عبور کر کے لاکھوں لوگوں تک پہنچ جاتی ہے۔ تاہم اسی تیزی کے ساتھ ایک خطرناک رجحان بھی پروان چڑھ رہا ہے، جس میں جھوٹی خبروں، من گھڑت کہانیوں اور جعلی تصاویر کا پھیلاؤ شامل ہے، جو نہ صرف افراد بلکہ پورے معاشرتی ڈھانچے کو متاثر کر رہا ہے۔ حالیہ دنوں میں مولانا محمد طیب طاہری کے خاندان کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی جعلی اور مصنوعی ذہانت (AI) سے تیار کردہ تصاویر نے اس مسئلے کی شدت کو مزید نمایاں کر دیا ہے۔ یہ تصاویر نہ صرف حقیقت کے منافی ہیں بلکہ ان کے ذریعے عوامی جذبات کو بھڑکانے اور لوگوں کو گمراہ کرنے کی منظم کوشش بھی کی جا رہی ہے۔

یہ امر نہایت افسوسناک ہے کہ کچھ عناصر اپنے ذاتی مفادات یا مخصوص ایجنڈے کی تکمیل کے لیے دوسروں کی عزت اور وقار کو نقصان پہنچانے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ اس طرح کے اقدامات نہ صرف اخلاقی گراوٹ کی عکاسی کرتے ہیں بلکہ معاشرتی اقدار کے زوال کا بھی واضح ثبوت ہیں، جو ایک مہذب معاشرے کے لیے خطرناک اشارہ ہے۔ مولانا طیب طاہری ایک معروف دینی و سماجی شخصیت کے طور پر پہچانے جاتے ہیں، جنہوں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ دین کی خدمت، اخلاقی تربیت اور عوامی رہنمائی میں صرف کیا ہے۔ ایسے افراد کے خلاف جھوٹا اور بے بنیاد پروپیگنڈا دراصل نہ صرف ان کی ذات بلکہ سچائی کے تصور پر بھی حملہ ہے۔

سوشل میڈیا کی طاقت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ ایک غیر مصدقہ خبر یا تصویر چند لمحوں میں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں لوگوں تک پہنچ جاتی ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بہت سے صارفین بغیر تحقیق اور تصدیق کے ایسی معلومات کو آگے بڑھا دیتے ہیں، جس سے جھوٹ کے پھیلاؤ میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔ مصنوعی ذہانت کی ترقی نے جہاں بے شمار مثبت مواقع فراہم کیے ہیں، وہیں اس کے منفی استعمال کے دروازے بھی کھول دیے ہیں۔ AI کے ذریعے تیار کردہ تصاویر اور ویڈیوز اس قدر حقیقت سے قریب ہوتی ہیں کہ ایک عام فرد کے لیے ان کی اصلیت کو پہچاننا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے، جس کا فائدہ بدنیت عناصر اٹھاتے ہیں۔

اسی تناظر میں میڈیا لٹریسی یا معلوماتی شعور کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ ہمیں یہ سیکھنے کی ضرورت ہے کہ ہم کسی خبر، تصویر یا ویڈیو کی تصدیق کیسے کریں اور کیسے جھوٹ اور سچ کے درمیان واضح فرق قائم کریں تاکہ ہم

خود بھی گمراہ نہ ہوں اور دوسروں کو بھی محفوظ رکھ سکیں۔

کسی بھی شخصیت یا اس کے خاندان کے بارے میں بے بنیاد الزامات لگانا نہ صرف اخلاقی لحاظ سے قابل مذمت ہے بلکہ قانونی طور پر بھی ایک سنگین جرم شمار ہوتا ہے۔ اس طرح کے اقدامات معاشرتی ہم آہنگی کو نقصان پہنچاتے ہیں اور لوگوں کے درمیان بداعتمادی کو فروغ دیتے ہیں۔ ہمیں بطور ذمہ دار شہری یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ ہر وہ چیز جو سوشل میڈیا پر نظر آئے، حقیقت پر مبنی نہیں ہوتی۔ تحقیق اور تصدیق کے بغیر کسی بھی معلومات پر یقین کرنا نہ صرف غیر دانشمندانہ عمل ہے بلکہ اس کے سنگین نتائج بھی برآمد ہو سکتے ہیں۔

مولانا طیب طاہری اور ان کے خاندان کے خلاف جاری یہ منفی مہم دراصل ایک بڑے سماجی مسئلے کی عکاسی کرتی ہے، جہاں جھوٹ کو فروغ دے کر سچائی کو دبانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ایسے حالات میں ہر باشعور فرد کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ سچ کا ساتھ دے اور جھوٹ کا پردہ چاک کرے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم اختلاف رائے اور کردار کشی کے درمیان واضح فرق کو سمجھیں۔ اختلاف رائے ایک مہذب اور جمہوری معاشرے کا حسن ہوتا ہے، مگر کسی کی عزت اور وقار کو نقصان پہنچانا ہرگز آزادی اظہار کے زمرے میں نہیں آتا۔

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا اور انہیں ایسے مواد کے خلاف سخت اقدامات کرنے چاہئیں جو جھوٹ، نفرت اور انتشار کو فروغ دیتے ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ایسے مواد کی نشاندہی اور روک تھام ممکن ہے، بشرطیکہ نیت اور کوشش دونوں موجود ہوں۔ والدین اور اساتذہ کا کردار اس حوالے سے نہایت اہم ہے، کیونکہ نئی نسل کو سوشل میڈیا کے مثبت اور منفی پہلوں سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ اگر نوجوانوں کو ابتدا ہی سے ذمہ دارانہ رویہ سکھایا جائے تو مستقبل میں بہت سی مشکلات سے بچا جا سکتا ہے۔

معاشرے میں شعور بیدار کرنے کے لیے اجتماعی سطح پر اقدامات کی ضرورت ہے۔ میڈیا، تعلیمی ادارے اور سماجی تنظیمیں مل کر اس رجحان کے خلاف آگاہی مہم چلا سکتی ہیں تاکہ لوگوں میں سچ اور جھوٹ کی پہچان پیدا ہو۔ جھوٹی خبروں اور جعلی تصاویر کا پھیلاؤ نہ صرف افراد کی ساکھ کو متاثر کرتا ہے بلکہ اداروں پر عوام کے اعتماد کو بھی متزلزل کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس مسئلے کو نظر انداز کرنا مستقبل کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔

ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ کسی پر جھوٹا الزام لگانا یا اس کی عزت کو نقصان پہنچانا صرف دنیاوی نہیں بلکہ دینی اعتبار سے بھی ایک سنگین گناہ ہے، جس کا حساب ہر انسان کو دینا ہوگا۔ سچائی کی خاصیت یہ ہے کہ اسے وقتی طور پر دبایا جا سکتا ہے، مگر اسے ہمیشہ کے لیے چھپانا ممکن نہیں ہوتا۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ آخر کار سچ سامنے آ کر رہتا ہے اور جھوٹ اپنے انجام کو پہنچتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم ہر خبر یا تصویر کو شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق کریں اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ ایک باشعور اور مہذب معاشرے کی پہچان یہی ہوتی ہے کہ وہاں کے لوگ تحقیق کے بغیر کسی بات کو قبول نہیں کرتے۔

مولانا طیب طاہری اور ان کے خاندان کے ساتھ یکجہتی کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اس جھوٹے اور بے بنیاد پروپیگنڈے کو نہ صرف مسترد کریں بلکہ اس کے خلاف آواز بھی بلند کریں۔ ہمیں اپنی اخلاقی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے جو معاشرے میں نفرت، بداعتمادی اور انتشار کو فروغ دینا چاہتے ہیں۔ یہ وقت ہے کہ ہم اپنی سوچ اور رویوں میں مثبت تبدیلی لائیں اور سچائی، دیانتداری اور انصاف جیسے اصولوں کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں تاکہ ایک بہتر معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

اگر ہم سب مل کر اس مسئلے کے خلاف متحد ہو جائیں اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تو یقیناً ہم ایک محفوظ، مثبت اور بااعتماد سوشل میڈیا ماحول قائم کر سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا ایک طاقتور ذریعہ ہے، جس کا درست استعمال ہمیں ترقی، شعور اور بہتری کی راہ پر گامزن کر سکتا ہے، جبکہ اس کا غلط استعمال ہمیں انتشار اور زوال کی طرف لے جا سکتا ہے، اس لیے دانشمندی اسی میں ہے کہ ہم اسے ذمہ داری کے ساتھ استعمال کریں۔

غفلت برتنے پر ہال کے عملہ کو ڈیوٹی سے ہٹانے کی ہدایت

ارشد ایوب خان نے پشاور میں میٹرک امتحانات کے مختلف مراکز کے اچانک دورے کئے

پشاور (ہینڈ آؤٹ) خیبر پختونخوا کے وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم ارشد ایوب خان نے گورنمنٹ شہید سید آفاق ہائی سکول نمبر 3 پشاور کینٹ کے میٹرک کے امتحانی عملہ کو امتحانی عمل کی شفافیت میں غفلت برتنے پر ہال کے عملہ کو ڈیوٹی سے ہٹانے اور اس کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کی ہدایت کی ہے۔ واضح رہے کہ صوبائی وزیر تعلیم نے پیر کے روز پشاور میں میٹرک کے امتحانات کے مختلف مراکز کے اچانک دورے کئے اس دوران وہ گورنمنٹ شہید سید آفاق ہائی سکول نمبر 3 پشاور کینٹ گئے جہاں انہوں نے امتحانی ہال کا تفصیلی دورہ کیا امتحانی عمل کی شفافیت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طلبہ سے سہولیات کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ بعد ازاں صوبائی وزیر نے شہید تبین شاہ آفریدی ہائر سیکنڈری سکول نمبر 1 پشاور کینٹ کا بھی دورہ کیا اور گیٹ پر موجود سیکورٹی عملے کے اہلکاروں کی کارکردگی کو اس بنا پر سراہا کہ انہوں نے بغیر کسی دباؤ کے اس ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنایا اور اس ضمن میں وزیر موصوف کے عملہ کو بھی رعایت نہیں دی۔۔ دورے کے دوران صوبائی وزیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ تمام امتحانی ہالوں میں صاف پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنائیں اور اس کے لئے خاص طور پر ڈسپوزایبل گلاس رکھے جائیں اور امتحانی ہال میں وال کلاک کی دستیابی بھی یقینی ہونی چاہئے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ طلبہ اپنے ساتھ ضروری چیزوں کے لئے ٹرنسپرنٹ بیگ رکھیں۔ انہوں نے طلبہ کے والدین سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کے مستقبل کی بہتری کے لئے امتحانات کے دوران خود بھی نگرانی کرتے رہیں۔ دریں اثنا صوبائی وزیر تعلیم نے پشاور بورڈ کا اچانک دورہ کیا اور وہاں پر قائم عوامی شکایات سیل کا معائنہ کیا۔ انہوں نے چیئرمین بورڈ کو ہدایت کی کہ کمپلینٹ سیل کو مزید فعال بنائیں اور عوامی شکایات کے حل کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔ صوبائی وزیر نے امتحانات کے پرچوں کی فراہمی میں تاخیر پر نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ ان کی بروقت فراہمی ہر صورت ہونی چاہئے۔ اس کے علاوہ انہوں نے امتحانی ڈیوٹی پر تعینات عملہ کے خلاف کسی بھی قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی صورت میں سخت کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی۔

فیصل خان ترائکی کی زیر صدارت ورکر ویلفیئر بورڈ کا اہم اجلاس

اجلاس میں حیات آباد کالونی انڈسٹریل اسٹیٹ کے نمائندگان نے وفد کے ہمراہ شرکت کی

پشاور (ہینڈ آؤٹ) صوبائی وزیر برائے محنت، فیصل خان ترائکی کی زیر صدارت ورکر ویلفیئر بورڈ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں حیات آباد کالونی انڈسٹریل اسٹیٹ کے نمائندگان نے وفد کے ہمراہ شرکت کی اور اپنے مسائل پیش کیے۔ اجلاس کے دوران نمائندگان نے کالونی میں درپیش مختلف مسائل، بالخصوص مالکانہ حقوق، غیر قانونی رہائش اور انتظامی امور سے متعلق شکایات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام مستحق افراد کو ان کے جائز مالکانہ حقوق فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ کالونی میں غیر قانونی طور پر رہائش پذیر افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ حقدار افراد کو ان کا حق ہر صورت دیا جائے۔ صوبائی وزیر نے کالونیوں میں جاری بدعنوانی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کرپشن میں ملوث عناصر کے خلاف فوری اور مؤثر کارروائی کی جائے اور مافیاز کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ای ایس ایس آئی اور ورکر ویلفیئر بورڈ میں درپیش مسائل کے حل کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مزید برآں، محکمہ محنت کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کرنے کا عمل جاری ہے تاکہ انسانی مداخلت کو کم سے کم کیا جا سکے اور بدعنوانی کا خاتمہ ممکن ہو۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 5)

سانحہ 7 اپریل گیاری سیکٹر، یادشہداء، نظریہ پاکستان اور قومی شعور کی ازسرِ نو تشکیل

تحریر: آغا سفیر حسین کاظمی، فاؤنڈر چیئرمین شہدائے وطن میڈیا سیل۔

سانحہ گیاری سیکٹر پاکستان کی عسکری تاریخ کے المناک ترین واقعات میں شمار ہوتا ہے، جس نے پوری قوم کو گہرے غم اور صدمے سے دوچار کر دیا۔ یہ دلخراش حادثہ 7 اپریل 2012 کو شمالی علاقہ جات میں واقع دنیا کے بلند ترین اور سرد ترین محاذوں میں سے ایک، سیاچن گلیشیئر کے قریب گیاری سیکٹر میں پیش آیا، جہاں درجہ حرارت اکثر منفی چالیس ڈگری سینٹی گریڈ سے بھی نیچے گر جاتا ہے اور زندگی کی معمول کی سرگرمیاں بھی انتہائی دشوار ہو جاتی ہیں۔ اس روز اچانک ایک بہت بڑا برفانی تودہ پاکستانی فوج کے ایک اہم بیس اور ہیڈکوارٹر پر آ گرا، جس نے چند ہی لمحوں میں پورے علاقے کو کئی میٹر گہری برف کے نیچے دبا دیا اور وہاں موجود افراد کو سنبھلنے یا بچاؤ کا کوئی موقع نہ مل سکا۔ اس ہولناک حادثے میں 129 پاکستانی فوجی جوان اور 11 سویلین کنٹریکٹرز شہید ہوئے، یوں مجموعی طور پر 140 افراد اس سانحے کا شکار بنے، جو کہ کسی بھی ایک برفانی حادثے میں پاکستان کا سب سے بڑا جانی نقصان تھا۔ حادثے کے فوری بعد پاک فوج نے ایک وسیع اور بھرپور ریسکیو آپریشن کا آغاز کیا، جسے آپریشن گیاری ریسکیو کا نام دیا گیا۔ اس میں جدید مشینری، ہیلی کاپٹرز اور سینکڑوں اہلکاروں نے حصہ لیا، تاہم شدید سردی، مسلسل خراب موسم، آکسیجن کی کمی اور برف کی غیر معمولی گہرائی نے امدادی کارروائیوں کو نہایت مشکل بنا دیا۔ بعض مقامات پر برف کی تہہ ساٹھ فٹ سے بھی زائد تھی، جبکہ مسلسل برف باری اور مزید تودے گرنے کے خدشات ہر لمحہ موجود رہے۔ یہ ریسکیو آپریشن تقریباً تین ماہ تک جاری رہا، مگر وقت گزرنے کے ساتھ زندہ بچ جانے کی امیدیں معدوم ہوتی گئیں اور یہ آپریشن بالآخر شہداء کے جسد خاکی نکالنے تک محدود ہو گیا۔ اس سانحے کے بعد پورے ملک میں سوگ کی فضا چھا گئی، شہداء کے لیے خصوصی دعاؤں، تعزیتی تقاریب اور قومی سطح پر اظہار یکجہتی کا سلسلہ جاری رہا۔ اس واقعے نے نہ صرف سیاچن جیسے خطرناک محاذ پر تعیناتی کے حوالے سے نئی بحث کو جنم دیا بلکہ موسمی خطرات، انسانی جانوں کے تحفظ اور عسکری حکمت عملی کے حوالے سے بھی سنجیدہ سوالات اٹھائے، جو آج بھی پالیسی سازوں اور عسکری ماہرین کے لیے غور و فکر کا اہم موضوع ہیں۔

سانحہ گیاری سیکٹر محض ایک حادثہ نہیں تھا بلکہ یہ ایک ایسا کربناک باب ہے جو قوم کے اجتماعی ضمیر کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہے۔ سیاچن کے برف پوش محاذ پر جب برفانی تودے نے درجنوں نہیں بلکہ سینکڑوں جانوں کو اپنے اندر سمو لیا تو یہ صرف انسانوں کی موت نہیں تھی، یہ قربانی، ایثار اور فرض شناسی کی ایک ایسی داستان تھی جسے تاریخ کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہم نے اس داستان کو محض ایک خبر، ایک تعزیتی تقریب یا چند تصاویر تک محدود کر دیا ہے؟ زندہ قوموں کی پہچان یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے شہداء کو صرف یاد نہیں رکھتیں بلکہ ان کی قربانیوں کو اپنی اجتماعی سوچ، اپنے فیصلوں اور اپنی قومی سمت کا محور بناتی ہیں۔ شہداء کی یاد منانا ایک رسم

نہیں بلکہ ایک ذمہ داری ہے۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جو قوم کو اس کے اصل مقصد سے جوڑے رکھتا ہے، اسے بھٹکنے نہیں دیتا، اسے اس کے راستے کی نشاندہی کرتا ہے۔

بدقسمتی سے ہمارے ہاں ایک خطرناک رجحان نے جنم لیا ہے جہاں شہداء کے تابوت ہمارے لیے ایک طرح کا شیلٹر بن گئے ہیں۔ ہم ان تابوتوں کو دکھا کر یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ ہم قربانیاں دے رہے ہیں، گویا قربانی خود ایک دلیل بن گئی ہے، ایک جواز بن گئی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری افواج، ہمارے عوام، ہمارے مختلف طبقات نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہم نے ان قربانیوں کے اصل مقصد کو بھی سمجھا ہے؟

شہداء کی یاد کو محض فوٹو سیشن تک محدود کرنا یا اسے ایک وقتی جذباتی کیفیت میں ڈھال دینا دراصل ان قربانیوں کے ساتھ ناانصافی ہے۔ شہداء کی یاد ہمیں جھنجھوڑنے کے لیے ہونی چاہیے، ہمیں اپنے اندر جھانکنے پر مجبور کرنے کے لیے ہونی چاہیے۔ ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرنا چاہیے کہ کیا ہم اس راستے پر ہیں جس کے لیے انہوں نے اپنی جانیں قربان کیں؟ پاکستان محض زمین کا ایک ٹکڑا نہیں ہے۔ اگر یہ صرف زمین کا ایک ٹکڑا ہوتا تو شاید اس کے لیے اتنی قربانیاں نہ دی جاتیں۔ پاکستان ایک نظریہ ہے، ایک فکر ہے، ایک مقصد ہے۔ یہ اس جدوجہد کا نتیجہ ہے جس کی بنیاد دو قومی نظریہ پر رکھی گئی تھی۔ ایک طرف دین اسلام کی روشنی، اس کے اصول، اس کی اقدار تھیں اور دوسری طرف ایک ایسا نظام تھا جو ان اصولوں سے متصادم تھا۔

آج جب ہم شہداء کو یاد کرتے ہیں تو ہمیں اس نظریہ کو بھی یاد رکھنا ہوگا جس کی بنیاد پر یہ ملک قائم ہوا۔ اگر ہم اس نظریہ کو بھلا دیں گے تو شہداء کی قربانیاں محض تاریخ کا ایک باب بن کر رہ جائیں گی، ایک ایسا باب جسے ہم وقتاً فوقتاً کھول کر آنسو بہا لیں گے مگر اس سے کوئی سبق حاصل نہیں کریں گے۔ ملک کو درپیش سب سے ب

بقیہ 1 توانائی

مانسہرہ میں کاروباری مراکز رات 8 بجے تک بند کرنا لازمی قرار۔خیبر پختونخوا حکومت نے صوبے میں توانائی بحران اور ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے پیش نظر انرجی ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے توانائی کے مؤثر استعمال کے لیے ایک جامع حکمت عملی کا اعلان کر دیا ہے چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کے دفتر سے جاری اعلامیے کے مطابق نئے اوقاتِ کار کا اطلاق 6 اپریل 2026 سے ہوگا اعلامیے کے مطابق صوبے بھر میں تجارتی، سماجی اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے واضح اوقات مقرر کیے گئے ہیں تاکہ بجلی کے غیر ضروری استعمال کو کم کیا جا سکے نوٹیفکیشن کے مطابق ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں قائم تمام مارکیٹیں اور شاپنگ مالز رات 9 بجے بند کر دیے جائیں گے جبکہ اضلاع میں کاروباری مراکز رات 8 بجے تک بند کرنا لازمی ہوگا ریسٹورنٹس ہوٹلز اور دیگر کھانے پینے کے مراکز رات 10 بجے تک کھلے رہ سکیں گے تاہم ان کے لیے ہوم ڈیلیوری اور ٹیک اوے سروس جاری رکھنے کی اجازت ہوگی اسی طرح شادی ہالز مارکیز اور دیگر تقریبات کو ہر صورت رات 10 بجے تک ختم کرنا ہوگا۔حکومت نے صرف اوقاتِ کار تک محدود رہنے کے بجائے بجلی کی بچت کے لیے سخت ہدایات بھی جاری کی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق عمارتوں دکانوں اور سائن بورڈز پر آرائشی و غیر ضروری لائٹس کے استعمال پر مکمل پابندی ہوگی۔کاروباری اوقات ختم ہونے کے بعد کمرشل عمارتوں میں ایئر کنڈیشنرز، فٹس اور برقی سیڑھیوں (ایسکلیٹرز) کا استعمال ممنوع ہوگا۔سرکاری دفاتر میں عملے کی چھٹی کے بعد تمام برقی آلات اور لائٹس فوری بند کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے بعض ضروری خدمات کو ان پابندیوں سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے، جن میں ہسپتال، لیبارٹریز، میڈیکل اسٹورز، پیٹرول پمپس، ٹرانسپورٹ ٹرمینلز، تندور (روٹی کی فراہمی کے لیے) اور صنعتی یونٹس شامل ہیں۔صوبائی حکومت نے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو ان احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ انتظامیہ کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائے۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ یہ اقدامات قومی مفاد میں کیے جا رہے ہیں تاکہ عالمی سطح پر ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات کو کم کیا جا سکے، عوام پر بجلی کے بلوں کا بوجھ کم ہو اور بجلی کی بلا تعطل فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 2 محدود

مارکیٹوں کے اوقاتِ کار محدود کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے زرائع کے مطابق صوبائی حکومت خیبر پختونخواہ نے صوبہ بھر میں سمارٹ لاک ڈان نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہیصوبہ بھر میں مارکیٹوں کے اوقات کار محدود کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں مارکیٹیں رات 9 بجے جبکہ دیگر اضلاع میں تمام مارکیٹیں رات 8 بجے بند ہوں گی۔ ریسٹورنٹس اور کیفے رات 10 بجے تک کھلے رہیں گے، تاہم ہوم ڈیلیوری جاری رہے گی۔شادی ہالز اور ایونٹ ہالز کو بھی رات 10 بجے تک تقریبات ختم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔غیر ضروری لائٹس، فلوڈ لائٹس اور ڈیکوریشن لائٹنگ پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔بل بورڈز اور ایل ای ڈی اسکریز کو دکانیں بند ہونے کے بعد بند رکھنا لازم قرار دیا گیا ہے۔ غیر ضروری تجارتی سرگرمیوں کے لیے جنریٹرز کے استعمال پر بھی پابندی ہوگی۔تمام ڈپٹی کمشنرز کو ان احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔نوٹ: ہسپتال، فارمیسی، پٹرول پمپ اور تندور مزکورہ پابندیوں سے مستثنیٰ ہوں گے۔

بقیہ 3 پتنگ

ہیں کہ اس خونی کھیل پتنگ فروشوں اور تیز دھار ڈور فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کروائی کی جائے اور ان پر بھاری جرمانوں سمیت جیل بھیجا جائے

بقیہ 4 غریب

اضافہ اور روزمرہ اشیا کی بڑھتی قیمتوں نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، مگر حکمران صرف ذاتی مفادات کے حصول میں مصروف ہیں۔ عمر ایوب خان کا مزید کہنا تھا کہ عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ان پر مزید بوجھ ڈالا جا رہا ہے، جس سے غریب اور متوسط طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر عوامی مشکلات کا ادراک کرے اور مہنگائی میں کمی کے لیے عملی اقدامات اٹھائے۔ سیاسی و سماجی حلقوں نے بھی اس بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ معاشی صورتحال میں عوام کو ریلیف دینا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

بقیہ 5 ریسکیو

ہوگئے۔ریسکیو 1122 ہری پور کی میڈیکل ٹیم نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ٹراما سینٹر منتقل ہوگیا۔

بقیہ 6 شناخت

متوفی کی شناخت نہ ہوسکی اور نہ ہی کسی ورثا نے رابطہ کیا۔ بعد ازاں نامعلوم شخص کی نمازِ جنازہ کنگ عبداللہ ہسپتال میں ادا کی گئی اور اسے امانتاً سپردِ خاک کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ متوفی کی شناخت کے لیے مزید کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 7 اثرات

کمی آئے گی بلکہ ماحولیاتی آلودگی پر بھی قابو پایا جا سکتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ حکومت کو چاہیے کہ ٹیکسز اور ڈیوٹیز میں کمی کر کے عام آدمی کی پہنچ میں الیکٹرک وہیکلز کو لائے۔ ہری پور کے شہریوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت قلیل مدتی ریلیف کے بجائے جامع اور مستقل فیصلے کرے تاکہ عوام کو حقیقی سہولت میسر آ سکے اور معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں۔

بقیہ 8 مراکز

اولین ترجیح ہونی چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ امتحانی مراکز کے اطراف دفعہ 144 نافذ ہے جس پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور کسی قسم کی ہلڑ بازی یا غل غپاڑے کی اجازت نہ دی جائے۔انہوں نے امتحانی عملے کو بھی قابل احترام قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے۔ تمام تھانہ جات کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں قائم امتحانی مراکز کی مسلسل نگرانی کریں اور پرامن امتحانات کے انعقاد و اختتام کو یقینی بنانے میں بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 9 برآمد

برآمد کرلی۔ دوسری کارروائی میں ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ حطار نصیر حیات نے پولیس ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر ملزم سفیر احمد ولد محمد بشیر سکنہ محلہ کھٹہ کوٹ نجیب اللہ کو گرفتار کرلیا، جس کے قبضے سے 54 گرام آئس برآمد ہوئی۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 10 مہنگائی

تنولی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بڑھت ہوئی ظالمانہ مہنگائی، کرپشن اور حالیہ پٹرولیم بجلی گیس اضافہ پر وکلاء برادری بھرپور طریقہ سے مذمت کرتی ہے وکلاء بھی عوام میں سے ہیں اور ہم غریب عوام ہر اس ظلم کے خلاف آواز بلند کریں گے حکومت وقت غریب عوام کی حالت زار کو دیکھتے ہوئے بند کمروں میں بیٹھ کر فیصلے کرنے کی بجائے عوام کے گزر اوقات کا جائزہ لے کر فیصلے کریں آج غریب عوام دو وقت کی روٹی سے محروم ہو رہی ہے اور 137 روپے کا اضافہ کر کے صرف پٹرول پر 80 روپے کمی کرنے سے عوام کو دھوکہ نہیں دیا جا سکتا جبکہ ڈیزل کی قیمت میں کمی نہ ہونے سے زراعت اور عوام پر ناقابل برداشت بوجھ پڑے گا

بقیہ 11 چیکنگ

فروٹ کی دکانوں کی چیکنگ بھی کی گئی۔عوامی شکایات پر ایل پی جی کی زائد نرخوں پر فروخت کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک دکان کے خلاف متعلقہ تھانے میں ایف آئی آر درج کروا دی گئی۔انتظامیہ نے واضح کیا کہ تجاوزات، گرانفروشی اور سرکاری احکامات کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 12 جائزہ

تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ٹی ایم اے مانسہرہ ملک فراست اعوان نے چیئرمین کو اڈہ مینجمنٹ سنبھالنے کے بعد ہونے والی بہتری اور جاری انتظامی امور پر بریفنگ دی۔انہوں نے صفائی، ٹریفک نظم و ضبط اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر شہریوں کی ایک بڑی تعداد بھی موجود تھی جنہوں نے بہترین انتظامات پر ضلعی انتظامیہ اور ٹی ایم اے مانسہرہ کی کارکردگی کو سراہا اور خراج تحسین پیش کیا۔چیئرمین شیخ محمد شفیع نے اڈہ کی مجموعی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ کی کارکردگی کو قابلِ تعریف قرار دیا۔انہوں نے عملے کی محنت کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی اور ہدایت کی کہ عوام کو مزید بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں۔

بقیہ 13 صورتحال

مسائل کے حل کے لیے اقدامات شروع کرنے کا عندیہ دیا ہے۔ نئے انچارج ٹریفک پولیس کا کہنا ہے کہ ہری پور میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل پر قابو پانے کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جائے گی، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔شہری حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ نئی تعیناتی سے ٹریفک نظام میں بہتری آئے گی اور شہر میں ٹریفک کی صورتحال مزید بہتر ہوگی۔

بقیہ 14 اقدامات

بھی قلمبند کیے جائیں گے تاکہ تمام حقائق تک رسائی ممکن ہو سکے۔ متاثرہ بچوں سے ہمارا رابطہ ہو چکا ہے اور انہیں باقاعدہ دفتر طلب کیا گیا ہے، جہاں ان کے بیانات قلمبند کر کے مکمل انکوائری کی جائے گی۔ انکوائری کے دوران واقعہ کے تمام پہلوں اور ہر اینگل کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے گا تاکہ کسی بھی قسم کی زیادتی یا ناانصافی نہ ہو۔ مانسہرہ پولیس اس امر کو یقینی بنائے گی کہ انکوائری مکمل طور پر شفاف، غیر جانبدار اور میرٹ پر مکمل ہو۔ دورانِ انکوائری اگر کسی بھی ٹریفک اہلکاروں کی غفلت، زیادتی یا غیر قانونی عمل ثابت ہوا تو متعلقہ اہلکاروں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ متاثرہ افراد کو ہر صورت انصاف فراہم کیا جائے گا اور انکوائری کا عمل جاری ہے اور اس کی روشنی میں مزید قانونی و محکمانہ اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 15 سکیم

کی لاگت سے قائم کی گئی واٹر سپلائی سکیم ناکارہ ہو چکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سکیم میں نصب پائپ غائب ہو چکے ہیں جبکہ گھروں میں صرف خشک نلکے رہ گئے ہیں، جس کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔وفد کے مطابق، صاحب استطاعت افراد نے تو اپنی مدد آپ کے تحت پانی کا بندوبست کر لیا ہے، تاہم غریب اور متوسط طبقہ آج بھی پانی کی بوند بوند کو ترس رہا ہے اور دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور ہے۔شہریوں نے الزام عائد کیا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ کے افسران، وال مین، آپریٹرز اور دیگر عملہ مبینہ طور پر تنخواہیں اور مراعات وصول کر رہے ہیں، مگر عملی طور پر عوام کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا جا رہا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ صورتحال نہ صرف لمحہ فکریہ ہے بلکہ بنیادی انسانی ضروریات کی فراہمی میں ناکامی کی عکاسی بھی کرتی ہے۔اہلیان داتہ نے محکمہ اینٹی کرپشن سے مطالبہ کیا ہے کہ اس سکیم کی مکمل چھان بین کی جائے اور اس میں ملوث افراد، خواہ وہ ٹھیکیدار ہوں، سرکاری افسران یا اس وقت کے بلدیاتی نمائندے، سب کو بے نقاب کر کے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔مزید برآں، علاقہ مکینوں نے رکن صوبائی اسمبلی و سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ وہ ذاتی دلچسپی لے کر واٹر سپلائی سکیم کو دوبارہ فعال بنانے کے لیے فوری اقدامات کریں تاکہ عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 16 عناصر

کیا جائے گا اور ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی، انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو مثبت سرگرمیوں، آگاہی اور معاشرتی بہتری کے لیے استعمال کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، عوام اخلاقی اقدار کا خیال رکھیں اور کسی بھی غیر قانونی یا نازیبا مواد کی تشہیر سے اجتناب کرے۔

بقیہ 17 انعامات

نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے طلبہ کی محنت کو سراہتے ہوئے اساتذہ اور والدین کے کردار کو بھی اہم قرار دیا، اور کہا کہ تعلیم ہی ترقی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے بچوں کو مزید محنت کرنے اور ملک و قوم کا نام روشن کرنے کی تلقین کی آج ہمارے بچوں کو انکے بہتر مستقبل کے لئے تعلیمی دوڑ دیگر دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی طرح بڑھ کر نکلنا پڑے گا تب جا کر ہم ترقی کے میدان میں آگے نکل سکیں گے

بقیہ 18 مضبوط

علی بھٹو اور ان کی صاحبزادی بینظیر بھٹو کو ان کی قومی خدمات پر زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا اور ان سے اپنی والہانہ محبت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ ترگڑی صابر شاہ بفہ اب پاکستان پیپلز پارٹی کا مضبوط گڑھ بن چکا ہے جس کا سہرا پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق امیدوار صوبائی اسمبلی پی کے 38- حقنواز خان سواتی کے سر جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان کی محنت اور عوامی حمایت کے باعث علاقے میں پیپلز پارٹی مزید مضبوط ہو رہی ہے۔

بقیہ 19 ٹرانسپورٹ

پیش نظر حکومت نے پبلک ٹرانسپورٹ کے لیے سبسڈی فراہم کرنے کا اصولی فیصلہ کیا ہے، جس کی پالیسی آئندہ ایک سے دو روز میں حتمی شکل اختیار کر لے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹرانسپورٹرز کو فوری ریلیف دینے کے لیے ٹی ایم اے کے مقررہ ٹیکسز ایک ماہ کے لیے معطل کر دیے گئے ہیں۔اس کے باوجود ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ کرایوں میں اضافہ نہ کریں اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کریں۔کمشنر ہزارہ نے خبردار کیا کہ حکومتی سبسڈی حاصل کرنے کے باوجود اگر ٹرانسپورٹرز تعاون نہیں کرتے تو ان کے لائسنس اور پرمٹس منسوخ کیے جا سکتے ہیں اور ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ مشکل حالات میں عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔انہوں نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے سبسڈی کے حصول کے لیے ایک شفاف اور واضح طریقہ کار مرتب کیا جا رہا ہے، جس کے تحت گاڑیوں کے مالکان کو براہ راست فائدہ پہنچایا جائے گا۔اس موقع پر ایس ایس پی ٹریفک ایبٹ آباد نے نشاندہی کی کہ بعض ٹرانسپورٹرز مصنوعی قلت پیدا کر کے زائد کرایہ وصول کر رہے ہیں، جس پر کمشنر ہزارہ نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے فوری سدباب کی ہدایت جاری کی، خصوصاً اس صورتحال میں جب حکومت کی جانب سے ٹیکسز میں نمایاں ریلیف فراہم کیا جا چکا ہے۔اجلاس میں ٹریفک پولیس کو بھی ہدایت کی گئی کہ ایک ماہ تک معمولی خلاف ورزیوں پر چالان نہ کیے جائیں، تاہم سنگین خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اجلاس کے اختتام پر ٹرانسپورٹرز نے حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ وہ آئندہ بھی عوامی مفاد میں حکومتی اقدامات کا ساتھ دیتے رہیں گے۔کمشنر ہزارہ نے اپنے اختتامی کلمات میں کہا کہ موجودہ حالات میں باہمی تعاون ہی مسائل کا مؤثر حل ہے، اور جیسے ہی حالات معمول پر آئیں گے، تمام امور بھی بہتری کی جانب گامزن ہو جائیں گے۔

بقیہ 20 شرکت

اور دیگر افسران میٹنگ ہولڈروں نے شرکت کی

بقیہ 21 اضافہ

عوام سے دھوکہ کرنے کی بجائے حالیہ تمام اضافہ واپس لے کیونکہ موجودہ اضافہ سے مہنگائی کا ایک طوفان برپا ہوگا کرپشن اور مہنگائی کے خلاف جے یو آئی خاموش نہیں رہے گی حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لیتے ہوئے ظالمانہ فیصلہ واپس کرنا ہوگا جے یو آئی ضلع مانسہرہ قائد ملت اسلامیہ کی ہرکال پر لبیک کہے گی حکمران عوام کا معاشی قتل بند کریں

بقیہ 22 ٹیکس

کے نام پر ظالمانہ ٹیکس ختم کیا جائے پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ غریب عوام کی کمر توڑ دی ہے آنے والے دنوں میں انڈسٹری بحران شدت اختیار کرے گا مزدوروں اور غریب عوام کے چولہے ٹھنڈے ہونے پر دم دما مست قلندر ہوگا عوام نے جس امید پر مسلم لیگ ن کو ووٹ دیا تھا اس پر پانی پھر چکا ہے اور مسلم لیگ ن عوام کے معاشی قتل پر پی ٹی آئی سے بھی دو ہاتھ آگے نکل چکی ہے اب عوام موجودہ حکومت سے نجات کی دعائیں مانگ رہی ہے اور یہ دعائیں ضرور رنگ لائیں گی

بقیہ 23 مقررین

وہ کبھی ترقی نہیں کرتیں، سید الشہدا حضرت امیر حمزہ جیسی شخصیات کی عظیم المرتبت قربانیوں کے باعث آج اسلام ہم تک اس طرح شان و شوکت سے پہنچا ہے ان خیالات کا اظہار گذشتہ روز خطیب انگلینڈ علامہ شعیب ربانی، شیر سرحد مولانا محمد بخش ہزاروی، معروف قانون دان قاضی محمد سعید ایڈوکیٹ، خطیب ہزارہ مولانا محمد اسلم محسن، انجمن غلامان ساقی کوثر کے ڈاکٹر چن مبارک ہزاروی و دیگر مقررین نے گذشتہ روز جامع مسجد پھولدہار میں منعقدہ سید الشہدا حضرت امیر حمزہ کے سالانہ عرس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر صاحبزادہ عطا الرحمان) چھوہر شریف (مدنی اعجاز جدون، حافظ عبدالخالق اعوان، قاری تنویر حسین کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی کی نمایاں شخصیت کے علاوہ عاشقان رسول ﷺ کی ایک بڑی تعداد موجود تھی، اس موقع پر نے سید الشہدا حضرت امیر حمزہ کی شان میں معروف شاعر قاضی ناصر بختیار اور معروف نعت خواں سید تنویر حسین شاہ، محمد حلیم، محمد علی شازلی نے ہدیہ تبریک بھی پیش کیا مقررین نے کہا کہ حضرت امیر حمزہ اسلام کے ان اولین شہدا میں سے ہیں جنہوں نے دین اسلام کی سربلندی کیلئے اپنے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کروا دیئے، اسی لئے حضرت امیر حمزہ کو سید الشہدا کا خصوصی اعزاز بھی نصیب ہوا وہ نبی کریم ﷺ کے چچا جان ہی نہیں بلکہ ایک اچھے مخلص دوست، جانثار باوفا ساتھی بھی تھے جن سے حضور نبی کریم ﷺ بے انتہا محبت کرتے تھے اور ان کی المناک موت نے نبی کریم ﷺ کو سخت رنجیدہ کیا وہ اسلام کی وہ واحد شخصیت ہیں جن کا حضور نبی کریم ﷺ نے ستر دفعہ جنازہ پڑھایا، حضرت امیر حمزہ نے کربلا سے پہلے خاندان نبوی سے دین اسلام پر کٹ مرنے کا عملی آغاز کیا جسے بعد ازاں کربلا کے میدان میں حضرت امام حسین نے اپنے خاندان کی لاج رکھتے ہوئے اپنے خاندان و ساتھیوں کی 72 شہادتوں کیساتھ جاری و ساری رکھا اس لئے جب ہم کربلا کا ذکر کریں تو حضرت امیر حمزہ کا ذکر بھی بالضرور کیا جائے کہ شہادت کی اس عظیم سعادت کی ابتدا حضرت امیر حمزہ نے ہی کی تھی لیکن افسوس کہ آج عام لوگ تو ایک طرف علما کرام بھی اس عظیم شہادت کا ذکر کم ہی کرتے ہیں، ایسے میں ڈاکٹر چن مبارک ہزاروی خراج تحسین کے مستحق ہیں جنہوں نے سرزمین ہری پور پر سید الشہدا کی شخصیت کے ان شاندار و تاریخی پہلوں کو اجاگر کرنے کیلئے ان کے سالانہ عرس کی بنیاد رکھی، حضرت امیر حمزہ نے ہمیشہ جنگ کے میدان میں فرنٹ لائن پر آ کر اسلام کا دفاع کیا اور کفار کے بڑے بڑے جری و بہادر پہلوانوں کو دھول مٹی چٹائی اور ان کا غرور خاک میں ملایا ایسی ہستیاں پر اسلام تا قیامت ناز کرتا رہے گا، خاندان نبوی ﷺ کی یہ قربانیاں اس بات کی عکاس ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے جہاد کیلئے دوسروں کو تلقین دینے کیساتھ ساتھ خون اپنے خاندان کی بھی قربانیاں پیش کیں ہمیں بھی چاہیے کہ دین اسلام کی سربلندی کیلئے اپنی اپنی بساط کے مطابق جدوجہد کریں جانی مالی اخلاقی قربانی دیں تاکہ اسلام کو مزید قدر و منزلت حاصل ہوا ہمارا ایسا کرنا خود ہمارے لئے دنیا و آخرت میں فائدہ مند ثابت ہوگا، تقریب کے اختتام پر علامہ محمد بخش ہزاروی نے خصوصی دعا کروائی

بقیہ 24 اضافہ

کرایوں میں مناسب اضافہ ہوا ہے لیکن کھبل میں ڈرائیورز حضرات نے اپنی مرضی سے 100 روپیہ فی سواری اضافہ کر دیا جس کے بعد وہ فی سواری 300 اور فی من 300 وصول کرتے ہیں۔حالانکہ اوگی ٹو مانسہرہ 35 کلومیٹر سفر ہے اور اسکا کرایہ 260 یا 280 ہوگا جبکہ کھبل نکہ اوگی سے کھبل 7km ہے اور پہلے ہی 200 زیادہ کرایہ وصول کرتے تھے اور آج سننے میں آیا ہے کہ 300 کرایہ وصول کیا ہے، اس طرح دونوں سائیڈوں کا فی کس کرایہ 600 بن جاتا ہے، جو کہ کھبل کی عوام کے ساتھ نہ صرف ناانصافی ہے بلکہ ظلم ہے۔اگر حقیقت کو دیکھا جائے تو فی گاڑی 5 لیٹر پیٹرول کھاتی ہے تو اس پہ 600 اضافی خرچ آتا ہے جبکہ 100 فی سواری لینے سے ڈرائیورز حضرات 3 سے 4 ہزار روپیہ اضافی عوام سے وصول کریں گے۔لہذا جناب التجا کی جاتی ہے کہ عوام کا خیال رکھتے ہوئے پٹرول بڑھنے کی صورت میں مناسب کرایہ فکس کیا جائے۔اور اگر پٹرول قیمتیں کم ہو جائیں تو پھر کرایہ کم کیا جائے گا۔کھبل نکہ اوگی ٹو کھبل 7 کلومیٹر ولما چکڑ 9 کلومیٹر و بنگلہ 10 کلومیٹر اور کھبل نمبل جبکہ 14 کلومیٹر اوگی سے کھبل ہے۔

بقیہ 25 حکام

ہونے کی وجہ سے ان کے مسائل متعلقہ حکام تک مؤثر انداز میں نہیں پہنچ پا رہے۔موجودہ صورتحال میں بازاروں کے درپیش مسائل دن بدن بڑھتے جا رہے ہیں۔تاجروں کا کہنا ہے کہ انجمن تاجران کی غیر موجودگی میں ان کے مسائل کے حل کے لیے کوئی مؤثر فورم موجود نہیں، جس کے باعث مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ منتخب قیادت ہی تاجروں کی آواز کو ضلعی اور صوبائی سطح پر بھرپور انداز میں اجاگر کر سکتی ہے۔اس سلسلے میں سابقہ تاجر رہنما سمیت 16 وارڈز کی تاجر برادری نے متعلقہ ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر انجمن تاجران کے انتخابات کا شیڈول جاری کیا جائے، تاکہ تاجر برادری اپنے ووٹ کی طاقت سے مخلص اور نڈر قیادت کا انتخاب کر سکے اور مسائل کے حل کی راہ ہموار ہو سکے۔

بقیہ 26 مراکز

ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں بازار، شاپنگ پلازے اور کمرشل مراکز رات 9 بجے تک بند ہوں گے جبکہ دیگر اضلاع بشمول ہری پور میں یہ اوقات رات 8 بجے تک محدود ہوں گے۔ریسٹورنٹس اور کیفے رات 10 بجے تک بند ہوں گے تاہم ہوم ڈیلیوری اور ٹیک اوے کی سہولت جاری رہے گی۔شادی ہالز، مارکیز اور ایونٹ ہالز کو بھی رات 10 بجے تک تقریبات ختم کرنا ہوں گی۔ان احکامات کا اطلاق نجی دفاتر، بینکس، تعلیمی اکیڈمیز، ٹیوشن سینٹرز، دکانوں، شورومز، بیکریز، جم اور دیگر کمرشل اداروں پر ہوگا۔ حکومت نے ہسپتالوں، ایمرجنسی ہیلتھ سروسز، میڈیکل سٹورز، تنور، پیٹرول پمپس، زرعی اور تعمیراتی سرگرمیوں کو ان پابندیوں سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ضلعی انتظامیہ نے تاجروں اور عوام سے اپیل کی ہے کہ قومی مفاد میں توانائی کی بچت کے لیے ان ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 27 قواعد

اس موقع پر انہوں نے امتحانی عملے سے گفتگو کرتے ہوئے ہدایت کی کہ امتحانات کو مکمل طور پر قواعد و ضوابط کے مطابق شفاف اور منصفانہ بنایا جائے تاکہ کسی بھی قسم کی بے ضابطگی یا نقل کی شکایات سے بچا جا سکے۔ ڈاکٹر ریاض احمد نے مزید کہا کہ طلبہ کو سازگار اور پرامن ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 28 ہدایت

بنانے کی ہدایت کی گئی اور واضح کیا گیا کہ کسی بھی قسم کی غفلت یا خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔اجلاس کے دوران کئی اہم فیصلے کیے گئے جن پر 6 اپریل 2026 سے فوری طور پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ان فیصلوں کے مطابق ضلع بھر میں تمام مارکیٹیں رات 8 بجے بند کرنا لازمی ہوگا جبکہ ریسٹورنٹس اور کیفے رات 10 بجے تک کھلے رہ سکیں گے تاہم ان کے لیے ہوم ڈیلیوری کی سہولت جاری رکھنے کی اجازت ہوگی۔ اسی طرح شادی ہالز اور ایونٹ ہالز میں ہونے والی تمام تقریبات کو رات 10 بجے تک ختم کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔بجلی کے غیر ضروری استعمال کو کم کرنے کے لیے ڈیکوریشن لائٹس، فلڈ لائٹس اور دیگر اضافی روشنیوں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ مزید برآں، دکانیں بند ہونے کے بعد بل بورڈز اور ایل ای ڈی اسکریز کو بھی بند رکھنا ہوگا تاکہ توانائی کی بچت کو یقینی بنایا جا سکے۔اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ غیر ضروری تجارتی سرگرمیوں کے لیے جنریٹرز کے استعمال پر مکمل پابندی ہوگی اور اس ضمن میں کسی قسم کی خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں ان احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کریں اور باقاعدہ نگرانی کا نظام قائم کریں۔ اعلامیے کے مطابق بعض ضروری خدمات کو ان پابندیوں سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے جن میں ہسپتال، فارمیسیز، پٹرول پمپس اور تندور شامل ہیں، تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی متاثر نہ ہو۔ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ یہ اقدامات عوامی مفاد اور وسائل کے بہتر استعمال کے لیے کیے جا رہے ہیں اور شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ حکومتی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 29 شکست

حریف کو تین دو سے شکست دی پہلے چار سیٹ دو دو سے برابر رہے جبکہ فائنل سیٹ عاصم خان نے جیت کر ورلڈ سکواش چیمپئن شپ کے لیے کوالیفائی کیا عاصم خان واحد کھلاڑی ہیں جنھوں نے ورلڈ سکواش چیمپئن شپ کے لیے کوالیفائی کیا

بقیہ 30 تقریب

جنرل سیکرٹری امتیاز خان، پی ایس 125 کے سابق صدر افضل نقوی، پیپلز یوتھ آرگنائزیشن پی ایس 127 کے صدر شاہ زمان بلک، جنرل سیکرٹری ندیم حیدر اندھڑ سیکرٹری اطلاعات احمد رضا، دیگر ذیلی تنظیموں کے عہدیداران اور پی ایس 127 کی یوسی کے نو منتخب عہدیداران، بڑی تعداد میں جیالے موجود تھے۔تقریب میں مقررین نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور اور ان کے کارناموں پر روشنی ڈالی۔مقررین میں ظفر احمد صدیقی وسیم قریشی جاوید بلک اور پی ایس 127 کے صدر واحد چھٹہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ ویسے تو ذوالفقار علی بھٹو کے کارنامے تو لاتعداد ہیں لیکن قادیانیوں کے خلاف اسمبلی سے بل پاس کرنا یہ ایسا کارنامہ تھے کہ پوری دنیا کے مسلمان رہتی دنیا تک ان کا شکر ادا کرتے رہیں گے اور اللہ سیامید تھے کہ صرف اس قانون کی وجہ سے ان کی بخشش فرما دیں گے۔تقریب کے اختتام پر اشرکا کے لیے طعام کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔آخر میں پیپلز پارٹی پی ایس 127 کے صدر عبدالواحد چھٹو جنرل سیکرٹری جاوید مرید بلک سیکرٹری اطلاعات وقار قریشی نے تقریب میں شرکت کرنے والوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 31 خیال

حفظان صحت کے اصولوں کا خیال رکھا جاتا ہے، متعلقہ ادارے بھی عوام کے جان و مال سے کھیلنے والوں کا تحفظ کرنے میں مصروف نظر آتے

واحد چھٹہ کی سرپرستی میں قرآن خوانی ودعائیہ تقریب کا اہتمام

سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر پارٹی رہنماؤں وکارکنان کی شرکت

مانسہرہ (تحصیل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پی ایس 127 کے صدر واحد چھٹہ کی سرپرستی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین، قائدعوام وسابق وزیراعظم، شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر تقریب قرآن خوانی ختم قل اور دعا کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی ضلع وسطی کے سینئر نائب صدر وسیم قریشی، نائب صدر اصغر لعل، ڈپٹی جنرل سیکرٹری سکندر بلگ و عاطف بلوچ نے خصوصی طور پر شرکت کی .اور تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی پی ایس 127 کے صدر عبدالواحد چھٹو جنرل سیکرٹری جاوید مرید بلگ سیکرٹری، ناصر خان تنولی سینیر نائب صدر یو سی 7 پاکستان پیپلز پارٹی پی ایس127، وقار قریشی، پی پی پی ڈیجیٹل کراچی ضلع وسطی کے ہیڈ میر حسیب گورگیج، پیپلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن کراچی کے سیکرٹری اطلاعات جمشید عالم وضلع وسطی کے جنرل سیکرٹری سید مجتبی علی، پی پی پی کراچی ضلع وسطی کے سابق صدر ظفر احمد صدیقی و سابق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 0)

مانسہرہ' سردار جمال سینئر صحافی شیخ نذیر کو علاقائی مسائل کے حوالے سے آگاہ کر رہے ہیں

اسرائیل مسلمان ممالک کو لڑوانے کی کوشش کررہا ہے

پاکستانی سفارت کاری نے دنیا کو اپنی طرف پرامید کردیا ہے، صلاح الدین خان

بجنہ (نامہ نگار) دنیا پاکستان کی جنگی مہارت کے ساتھ اب کامیاب سفارت کاری پر حیران ہوگئی ہے۔ یہ بات سینئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے دنیاں کو پاکستان کی جنگی مہارت کے ساتھ اب پاکستان کی امن کی کوششوں اور کامیاب سفارتکاری پر حیران ہوتے دیکھ کر شال کو بتائی۔انہوں نے کہا کہ خطے کو ایران امریکہ جنگ کے بدلے آگ اور بارود کی تباہی کے ساتھ علاقہ کو معاشی بحران سے بچانے کے لئے پاکستان کی سفارت کاری نے دنیا کو اپنی طرف متوجہ اور پرامید کردیا ہے۔ایک سوال پرانہوں نے کہا کہ ایران کی طرف سے عرب ممالک میں امریکی مفادات پر حملے کو بنیاد بنا کر اسرائیل کی طرف سے مسلمان ممالک کو آپس میں لڑوانے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 8)

ہری پور تلہڑ کی سرزمین پر کرکٹ کا میلہ اختتام پذیر ہوگیا

اٹھارہ ٹیموں نے حصہ لیا، اعوان چیمپئن ٹرافی سیزن 5 کا فائنل وقار الیون رتیاں کے نام

ہری پور (ڈپٹی بیورو) گاؤں تلہڑ کے تاریخی میدان میں کھیلی گئی 'اعوان چیمپئن ٹرافی سیزن '5 اپنے تمام تر جوش وخروش کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ سنسنی خیز فائنل معرکے میں وقار الیون رتیاں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کرلیا اس ٹورنامنٹ کی خاص بات یہ تھی کہ اس میں صرف گاں تلہڑ کی 18 مقامی ٹیموں نے حصہ لیا۔مبصرین کے مطابق خیبر پختونخوا میں تلہڑ غالبا وہ واحد گاں ہے جہاں اتنے بڑے پیمانے پر خالصتا مقامی ٹیموں کے درمیان مقابلہ منعقد کرایا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 0)

پھلڑہ سابق صدر ایبٹ آباد بار حاجی محمد صابر تنولی اظہار خیال کر رہے ہیں

جبوڑی میں پل سے تجاوزات کو ختم کیا جائے، اعلیٰ حکام سے مطالبہ

کچھ لوگوں نے اپنی دوکانیں پل پر بنارکھی ہیں پل انتہائی تنگ ہوکر رہ گیا ہے

جبوڑی (نمائندہ خصوصی) جبوڑی پل سے تجاوزات کو ختم کیا جائے قبضہ گروپ نے پل پر اپنے کاروبار کھول رکھے ہیں جس کی وجہ سے پیدل چلنے والوں اور پل سے گزرنے والی گاڑیوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے پل پر خاص کر جمعہ والے دن تو پل سے گزرنا نہایت مشکل ہوجاتا ہے ہم ڈی پی او مانسہرہ سے درخواست کرتے ہیں کہ جبوڑی پل تجاوزات کو فوری ختم کیا جائے کچھ لوگوں نے تو اپنی دوکانیں پل پر بنارکھی ہیں اور پل کو تنگ کیا ہوا ہے ریڑھی والوں نے پکا قبضہ کیا ہوا ہے ایک بار ایکشن ہوا تھا مگر اب پھر پل پر کام جاری ہے اور کسی کو خاطر میں نہیں لاتے بہذا فوری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 6)

دیسی ادویات کے نام پر موذی امراض پھیلانے کا دھندہ عروج پر

ہری پور (بیورو رپورٹ) ضلع ہری اور گردونواح میں دیسی ادویات کے نام پر موذی امراض پھیلانے کا دھندہ عروج پر۔ ہربل ادویات بنانے والے منی کارخانوں میں ادویات کی پیکنگ کے لئے کوئی لیبارٹری قائم نہیں اور نہ ہی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1 3)

حویلیاں' ممبر صوبائی اسمبلی افتخار خان حاجیہ گلی کے نجی تعلیمی ادارے میں بچوں میں انعامات تقسیم کررہے ہیں

ڈاکٹر شیخ اسحاق علالت بعد چمبہ حویلیاں میں وفات پاگئے

مرحوم نے ساری زندگی اپنی جماعت اسلامی کے ساتھ گزاری، دینی خدمات سرانجام دیتے رہے

حویلیاں (نمائندہ شمال) ہزارہ میں جماعت اسلامی کے بانی رہنما ڈاکٹر شیخ اسحاق علالت بعد گزشتہ روز چمبہ حویلیاں میں وفات پا گئے ہیں جن کی نماز جنازہ آج بروز منگل دن 11 بجے چمبہ گاؤں میں ادا کی جائے گی مرحوم نے ساری زندگی اپنی جماعت اسلامی کے ساتھ گزاری اور بارہا مرتبہ وہ ضلع ایبٹ آباد کے اندر جماعت اسلامی کے امیر کے طور اپنی دینی خدمات سرانجام دیتے رہے ہیں اور جماعت اسلامی پاکستان کی مرکزی شوری کے رکن رہے ہیں مرحوم نے حویلیاں میں ایک مثالی وقت گزارا انھوں نے ہمیشہ لوگوں میں جوڑ رکھنے کی کوشش کی ہے مرحوم تقریبا ایک صدی کے قریب عمر پائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 2)

چھتری فاگ موضع درہ شنایا میں شدید بارشوں سے مسجد کی دیوار گرگئی

خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، مقامی نمازیوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

اوگی (نامہ نگار) تحصیل دربند کے علاقے چھتری فاگ موضع درہ شنایا میں شدید بارشوں سے مسجد کی دیوار گرنے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے، جس کے باعث مقامی نمازیوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔اسی طرح بارشوں اور زلزلے کے باعث موضع درہ شنایا کے گاں چھتری فاگ میں ایک اور واقعہ پیش آیا ہے، جہاں مقامی رہائشی ارشاد ڈرائیور کے گھر کا برآمدہ گر گیا۔اہلِ علاقہ کے مطابق قدرتی آفات کے نتیجے میں گھر کے ایک حصے کو شدید نقصان پہنچا، جس سے متاثرہ خاندان کو مشکلات کا سامنا ہے۔خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم مالی نقصان خاصا زیادہ بتایا جا رہا ہے۔متاثرہ خاندان نے حکومت، ایم پی اے، ایم این اے اور مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 7)

اسرائیل کا گریٹر اسرائیلی خواب ایران نے چکنا چور کردیا

سانڈے سر (نمائندہ شمال) اسرائیل کا گریٹر اسرائیلی خواب ایران نے چکنا چور کر کے رکھ دیا ہے اور اس کے سوتیلے باپ امریکہ کا بھی غرور اور گمنڈ خاک میں ملا دیا ہے تفصیلات کے مطابق ایران اور اسرائیل کی جاری جنگ پر انتہائی سنجیدہ حلقوں نے اپنے تاثرات و خدشات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ دراصل یہ جنگ اسرائیل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 9)

حویلیاں' ممتاز سماجی شخصیت ملک نیازی سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی سردار اورنگزیب نلوٹھہ اور ذوالفقار جاوید عباسی کے ہمراہ گروپ فوٹو

محکمہ زراعت مانسہرہ نے کسانوں کو گندم کی فصل سے محروم کردیا

آئندہ کسان محکمہ زراعت پر کیسے اعتماد کریں گے، سید امداد علی شاہ، محمد صابر، محمد اظہر

پھلڑہ (نمائندہ شمال) محکمہ زراعت مانسہرہ نے کسانوں کو گندم کی فصل سے محروم کردیا آئندہ کسان محکمہ زراعت پر کیسے اعتماد کریں گے سید امداد علی شاہ پھلاں سیری پھلڑہ، محمد صابر، محمد اظہر سمیت دیگر نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کا قیام زراعت کو فروغ دینے کے لئے کیا گیا کے پی کے میں پی ٹی آئی حکومت میں محکمہ زراعت نے گندم کا ناقص بیج فراہم کر کے محکمہ زراعت سے بیج حاصل کرنے والے کسانوں کو گندم کی فصل سے محروم کردیا اس محکمہ کا کسانوں کو کیا فائدہ ہے پھلڑہ میں نہ تو زراعت کا دفتر ہے اور نہ ہی محکمہ زراعت سے سستی کھاد مہیا کی ہے آج فصل نہ ہونے پر محکمہ زراعت مانسہرہ سے بیج حاصل کیا تھا وہ سب لوگ سر پکڑ کر رہ گئے جن لوگوں نے محکمہ زراعت سے بیج نہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 5)

معلومات تک رسائی مستند رپورٹنگ سے معاشرے پروان چڑھتے ہیں

آئی ڈی ای اے سیف میڈیا پروجیکٹ کے تحت اہم مشاورتی اجلاس سے مقررین کا خطاب

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) معلومات تک رسائی مستند رپورٹنگ سے معاشرے پروان چڑھتے ہیں ایبٹ آباد ویلفیئر ایسوسی ایشن (WAJ) کا ئی ڈی ای اے سیف میڈیا پروجیکٹ کے تحت پبلک انفارمیشن آفیسرز کے ساتھ مشاورتی اجلاس ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم کی اجلاس میں خصوصی شرکت ٹرسٹ فار & ڈیموکریٹک ایجوکیشن اینڈ اکانٹیبلٹی (TDEA) کے سیف، فری اینڈ ایفیکٹو میڈیا (SAFE Media) منصوبے کے تحت ضلع ایبٹ آباد میں پبلک انفارمیشن آفیسرز (PIOs) کے ساتھ ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد کیا گیا اجلاس کا مقصد معلومات تک رسائی کے حق (RTI) کے فروغ، اور غلط و گمراہ کن معلومات (misinformation disinformation) کے بڑھتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 7)

اشیا خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ایبٹ آباد بدترین مہنگائی سفید پوش پریشان اشیا خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں تجربہ کار حکومت شہریوں کو ریلف دینے میں مکمل ناکام ہوچکی ہے تفصیلات کے مطابق ایبٹ آباد بدترین مہنگائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 4)

منی لاک ڈاؤن کرنے کا سرکاری سطح پر نوٹیفیکیشن جاری

خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں شہر میں منی لاک ڈان کا مساجد کے اندر لوڈ سپیکر پر مقامی انتظامیہ ضلعی انتظامیہ ایبٹ آباد کی جانب سے تمام کاروبار رات 9 بجے اور شادی ہال رات 10 بجے بند کرنے کے اعلانات صوبائی حکومت نے ملکی اور عالمی سطح پر موجودہ حالات کی وجہ سے منی لاک ڈاؤن کرنے کا سرکاری سطح پر نوٹیفیکیشن جاری کر دیا خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حویلیاں کی مساجد میں مقامی انتظامیہ کی جانب سے منی لاک ڈاون کے اوقات کا اعلان کیا جس میں 9 بجے سے تمام کاروباری مراکز اور ہوٹل 10 بجے رات کو بند رکھنے کا اعلان کیا گیا اگر کوئی اس منی لاک ڈاون کی خلاف ورزی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 3)

تیل مہنگا ہونے کے باوجود عوام کو ریلیف دینا قیادت کی کامیابی ہے

وزیراعظم نے دانشمندی سے فسکل اسپیس پیدا کی، کفایت شعاری کو فروغ دیا، ملک محبت اعوان

ایبٹ آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر سابق امیدوار قومی اسمبلی ملک محبت اعوان نے کہا ہے کہ تیل مہنگا ہونے کے باوجود عوام کو ریلیف دینا قیادت کی کامیابی ہے ان کا کہنا تھا کہ یہ صرف ایک فیصلہ نہیں بلکہ ذمہ دار قیادت، موثر حکمتِ عملی اور بہترین مالی نظم ونسق (فسکل مینجمنٹ) کی واضح مثال ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے دانشمندی سے فسکل اسپیس پیدا کی، کفایت شعاری کو فروغ دیا، غیر ضروری اخراجات کم کیے اور ہر ممکن طریقے سے عوام کو ریلیف دینے کی کوشش کی انہوں نے وزیراعظم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 6)

ظالمانہ مہنگائی، سفید پوش طبقہ بھی فاقوں پر مجبور ہوکر رہ گیا

حویلیاں (نمائندہ شمال) ظالمانہ مہنگائی سفید پوش لوگوں کی حکمران طبقہ کو بددعائیں۔ ظالمانہ مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے ۔ملکی حالات اگر یہی رہے اور نااہل اور نالائق حکمرانوں کی بے حسی برقرار رہی تو ملک انقلاب کی طرف بڑھ جائے گا اور پھر عوام کے خون پسینے کی کمائی سے بننے والے ان حکمرانوں کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 2)

کامسیٹس یونیورسٹی ایبٹ آباد کے ایبٹ آباد کیمپس میں تقریب

25 سالہ کامیاب سفر کی تکمیل کے موقع پر ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) کامسیٹس یونیورسٹی ایبٹ آباد کے ایبٹ آباد کیمپس میں 25 سالہ کامیاب سفر کی تکمیل کے موقع پر ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں یونیورسٹی کی تعلیمی، تحقیقی اور انتظامی کامیابیوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا گیا۔تقریب میں فیکلٹی، طلبہ، سابق اساتذہ، ریٹائرڈ ملازمین اور معزز مہمانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب کے مہمانِ خصوصی پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر ریکٹر کامسیٹس یونیورسٹی اسلام تھے، جنہوں نے اپنے کلیدی خطاب میں یونیورسٹی کی ترقی، جدید تعلیمی رجحانات اور مستقبل کے اہداف پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ ''اب روایتی تعلیم کا دور بدل چکا ہے، موجودہ وقت میں ہنر (سکل) پر مبنی تعلیم ناگزیر ہوچکی ہے تاکہ طلبہ کو عملی میدان میں کامیابی کے لیے تیار کیا جاسکے۔''انہوں نے مزید کہا کہ یونیورسٹی میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 4)

ظفر روڈ مانسہرہ پر جگہ جگہ ریڑی بانو اور تھڑے فروشوں کا قبضہ

ہروقت ٹریفک بلاک ہونا اور روز کا معمول بن چکا، پیدل چلنا دشوار ہو چکا ہے، سماجی حلقے

مانسہرہ (چیف کرائم رپورٹر) ظفر روڈ مانسہرہ پر جگہ جگہ ریڑی بانو اور تھڑے فروشوں کا قبضہ عوام کا پیدل چلنا محال ہو چکا اہلیان علاقہ سراپا احتجاج ان خیالات کا اظہار مانسہرہ کے سماجی حلقوں نے کیا سماجی حلقوں نے کہا کہ ظفر روڈ مانسہرہ پر جگہ جگہ ریڑی بانو اور تھوڑی روشن نے قبضہ کر رکھا ہے جس سے ہروقت ٹریفک بلاک ہونا اور روز کا معمول بن چکا تو عوام کے پیدل چلنا بھی محال ہو چکا ہے عوام کا پرسان حال کوئی نہیں سماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ظفر روڈ مانسہرہ سے ریڑی بانو اور تھڑے فروشوں کہ ایک قبضے سے روڈ کو

ہری پور، جنگی منظر نامے سے گڈز رانسپورٹ کا نظام بیٹھ گیا

گڈز ٹرانسپورٹ کے اڈہ جات ویران ہونے لگے ہیں کارگو کے دفاتر بھی متاثر ہونے لگے

ہری پور (بیورو رپورٹ) جنگی منظر نامے سے گڈز رانسپورٹ کا نظام بیٹھ گیا ہے پاک افغان کشیدگی سیران جنگ کے باعث بارڈرز کی بندش سے مال دار گاڑیوں کا روزگار 80 فیصد سے زائد متاثرہ ہے گڈز ٹرانسپورٹ کے اڈہ جات ویران ہونے لگتے ہیں کارگو کے دفاتر بھی متاثر ہوکر رہ گئے ہیں پاک افغان کشیدگی ایران جنگ کے باعث مال کی ترسیل کا کام متاثر ہونے لگا ہے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث بھی گڈز ٹرانسپورٹ کا کام شدید ترین متاثر ہونے لگا ہے درجنوں گڈز کی گاڑیاں مختلف مقامات پر کھڑی کر دی گئی ہیں گڈز ٹرانسپورٹ پیٹرولیم مصنوعات کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 8)

ٹریفک پولیس ڈرائیونگ سکول مانسہرہ میں تقریب کا انعقاد

ڈرائیونگ کی تربیت مکمل کرنے والے 25 ویں بیچ کی تقسیم اسناد میں سرٹیفکیٹ تقسیم

مانسہرہ (چیف رپورٹر) ٹریفک پولیس ڈرائیونگ سکول مانسہرہ میں ڈرائیونگ کی تربیت مکمل کرنے والے 25 ویں بیچ کی تقسیم اسناد کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایس ایس پی ٹریفک مانسہرہ شہزادی نوشاد گیلانی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی ان کے ہمراہ ڈی ایس پی ٹریفک سرکل بالاکوٹ سردار جاوید بھی موجود تھے۔تقریب کے دوران دو ہفتوں پر مشتمل ڈرائیونگ کورس کامیابی سے مکمل کرنے والے میل وفیمیل ٹرینیز میں ڈرائیونگ کورس مکمل کرنے پر سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے ایس ایس پی ٹریفک نے کامیاب ہونے والے تمام طلبہ کو مبارکباد پیش کی اور ان کی محنت کو سراہا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ ایک ذمہ داری کا کام ہے جس میں مہارت مسلسل پریکٹس سے حاصل ہوتی ہے۔ انہوں نے ٹرینیز کو ہدایت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 5)

اٹامک انجینئر عبدالرحمان ساجد کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر چاچا کرکٹ ارشد رحمان اور دیگر کا گروپ فوٹو

سرمد سلیم اکرام کا ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری سینٹر ایبٹ آباد کا دورہ

متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ریونیو سروسز کی فراہمی کو مزید مؤثر اور تیز بنایا جائے، ڈی سی

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد، سرمد سلیم اکرم نے ریونیو سروسز میں بہتری کے سلسلے میں (DSD 2.0) کے تحت ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری سینٹر ایبٹ آباد کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ریونیو سروسز کی فراہمی کو مزید مؤثر اور تیز بنایا جائے۔ڈپٹی کمشنر نے انتقالات، رجسٹری، ریکارڈ کی درستگی سمیت دیگر ریونیو امور کا تفصیلی معائنہ کیا اور شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات جاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1 4)

ملک نیازی کے بیٹے ملک فیضان کی دعوت ولیمہ اجتماع میں بدل گئی

موجودہ وسابق ممبران قومی وصوبائی اسمبلی، وکلاء، صحافی، افسران وعوام کی بھرپور شرکت

حویلیاں (نمائندہ شمال) ممتاز سیاسی وسماجی شخصیت ملک نیازی کے بیٹے ملک فیضان کی دعوت ولیمہ بڑا سیاسی اجتماع بن گئی ایبٹ آباد کے مقامی شادی ہال میں منعقدہ دعوت ولیمہ کی تقریب میں موجودہ وسابق ممبران قومی و صوبائی اسمبلی مختلف سیاسی سماجی مذہبی کاروباری صحافتی وکلا جماعتوں وتنظیموں سے وابستہ شخصیات علما کرام مختلف تحصیل وویلج کونسلز کے ممبران سابق ناظمین انتظامیہ پولیس اور عدلیہ سمیت مختلف محکمہ جات سے تعلق رکھنے والے افسران سمیت علاقہ بھر کے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی آور ملک نیازی کوان کے بیٹے کو شادی کے بندھن میں بندھنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناں کا اظہار کیا اس موقع پر شرکت کرنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 3)

نعیم اللہ ملنگ جان کی اپنی دعوت ولیمہ کے موقع پر ڈاکٹر ھیمن اور دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو

ضلع تناول کے لئے آل تنولی اتحاد اپنی جدوجہد جاری رکھے گا

شہزاد رشید تنولی، صابر حسین تنولی، سلطان اعظم، احمد حسین تنولی ودیگر کا مشترکہ بیان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ضلع تناول کے آل تنولی اتحاد کے پلیٹ فارم سے بھرپور جدوجہد جاری رکھی جائے گی، شہزاد رشید تنولی وائس چیئرمین آل پاکستان تنولی اتحاد، حاجی صابر حسین تنولی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، سلطان اعظم گلگت جگلوٹ، احمد حسین تنولی ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع تناول کے

ہزارہ میں جماعت اسلامی کے بانی رہنماء ڈاکٹر شیخ اسحاق وفات پا گئے